Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ، 11 نومبر 2026ء، 30 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 197

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی میں ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے کی پروقار تقریب

شہری منصوبہ بندی اور پائیدار ترقی کے عزم کا اعادہ، ڈائریکٹر پلاننگ میاں رضوان الرحمان اور افسران کی شرکت، کیک کاٹا گیا؛ ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اور معیاری رہائشی منصوبوں کی تشکیل پر زور

وفاقی وزیر ریاض حسین پیرزادہ اور سیکرٹری احسان علی منگی کی ہدایت پر سمارٹ سٹی پلاننگ اور بے ہنگم ہجرت کی روک تھام کے لئے ٹاؤن پلاننگ کے اصولوں پر عملدرآمد کی ضرورت



فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی میں ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے 2026 کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو

اسلام آباد (این ای این) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی میں مورخہ 10 نومبر 2026 کو ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے 2026 کے حوالے سے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈائریکٹر پلاننگ میاں رضوان الرحمان، ہاؤسنگ اتھارٹی کے دیگر افسران اور ملازمین نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے کی مناسبت سے کیک کاٹا گیا۔ اس موقع پر شہری منصوبہ (بقیہ نمبر 31)

تجارتی خسارہ 14.6 ارب ڈالر تک پہنچ گیا

برآمدات بڑھانے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں، چودھری سرور

بڑھتا ہوا تجارتی خسارہ ملکی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے

لاہور (این این آئی) سابق گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ معیشت کو پہلی ترجیح قرار دیے جانے کے باوجود معیشت دن بدن گر رہی ہے، درآمدات میں مسلسل اضافہ اور برآمدات میں کمی سے معیشت اپنے پاؤں پر کیسے کھڑی ہوگی؟۔ اپنے بیان (بقیہ نمبر 32)

زرعی شعبے کیلئے 200 جدید ٹیبلٹس خریدنے کا فیصلہ

اے ڈی بی کے تعاون سے ٹیبلٹس کی خریداری، فیلڈ ڈیٹا کی ڈیجیٹل ریکارڈنگ ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے 200 جدید ٹیبلٹس خریدنے کا فیصلہ کرلیا۔ یہ خریداری ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے مالی تعاون سے جاری منصوبے کے تحت کی (بقیہ نمبر 35)

شاہ محمود قریشی کی طبیعت ناسیاز، جیل سے ہسپتال منتقل

چند روز قبل اپنی بیرک میں چہل قدمی کے دوران اچانک چکر آنے سے گر پڑے تھے، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو پی آئی سی ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق انہیں مختلف ٹیسٹوں کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 34)

شازیہ رضوان کی انسدادِ تمباکو نوشی تقریب میں شرکت

نوجوان نسل کو تمباکو اور دیگر نشہ آور اشیاء کے منفی اثرات سے محفوظ رکھنا تمام فریقین کی مشترکہ ذمہ داری ہے

راولپنڈی (این ای این) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و ثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے ہیومن ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام انسدادِ تمباکو نوشی کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر شازیہ رضوان (بقیہ نمبر 33)



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہی ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کا جہلم کا دورہ فقید المثال استقبال

اولڈ جی ٹی روڈ، جادہ، سول لائنز روڈ، شاندار چوک سمیت ہر گلی محلے میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو دیکھنے کیلئے بڑا ہجوم آمڈ آیا

وزیراعلیٰ مریم نواز کی گاڑی پھولوں سے ڈھک گئی، جہلم شہر میں خوشی کا عالم، تصاویر سے مزین خیر مقدمی بینرز اور پوسٹر آویزاں

عوام نے گلاب کی پتیاں نچھاور کر کے خیر مقدم کیا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف عوام کے استقبال کا ہاتھ ہلا کر پرجوش جواب دیتی رہیں

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا جہلم پہنچنے پر فقید المثال استقبال کیا گیا۔ اولڈ جی ٹی روڈ، جادہ، سول لائنز روڈ، شاندار چوک سمیت ہر گلی محلے میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو دیکھنے کیلئے ہجوم آمڈ آیا۔ جہلم کی سڑکوں پر بچے سجائے گھوڑوں کا گھڑ ڈانس پیش کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی گاڑی پر کارکنوں کی پھولوں کی بارش، (بقیہ نمبر 37)

ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو نئے ایس پی کشمور تعینات، محمد مراد کا کراچی تبادلہ

سندھ پولیس میں اہم تبادلے، ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو نئے ایس پی ضلع کشمور تعینات

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) سندھ حکومت کے محکمہ پولیس کی جانب سے پولیس افسران کے تبادلوں اور تقرریوں کے سلسلے میں اہم نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے، جس کے تحت ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو کو ایس پی ضلع کشمور تعینات کردیا گیا ہے، جبکہ موجودہ ایس پی کشمور محمد مراد کو تبدیل کرکے ایس ایس پی اسپیشلائزڈ انویسٹی گیشن یونٹ (SIU) کراچی رینج (بقیہ نمبر 36)

جہلم میں 15 دسمبر کو نواز شریف سکول آف ایمینس، جنوری میں دینہ، سوہاوہ اور پنڈ دادنخان میں گرین بسیں چلانے کا اعلان

کوئی بیانیہ خدمت کا مقابلہ نہیں کرسکتا، وزیراعلیٰ پنجاب

جن کو اعتراض ہے، وہ وزیر کیوں بنے بیٹھے ہیں استعفیٰ دیکر گھر کیوں نہیں چلے جاتے، کیا دوسرے صوبوں میں کرپشن نہیں ہوتی؟ جنہوں نے کرپشن اور رشوت خوری میں نام بنایا آج بھی باہر بیٹھے ہیں

چودہ سال کے پی کے میں حکومت رہی، جو کرپشن کی اور کھانچے لگائے آج سامنے آرہے ہیں، مریم نواز نے عوام کی امانت میں ایک پیسے کی کرپشن نہیں کی، کسی منسٹر کیخلاف کرپشن کا ثبوت سامنے آجائے تو قسم کھاتی ہوں نہیں چھوڑوں گی

خدمت کی وجہ سے مسلم لیگ ن بار بار اقتدار میں آتی ہے، مقبولیت ہو تو پھر نظر بھی آتی ہے، عوام خدمت کو ووٹ دیتے ہیں بیانیہ کو نہیں، اب لوگ کہیں گے کہ للہ جہلم روڈ ہمارا منصوبہ ہے

آپ کا منصوبہ ہے تو چار سال کی حکومت میں کیوں نہیں بنایا؟ ان کی باتوں کیلئے زبان چلتی ہے، کام نہیں کرتے، لیپ ٹاپ کھولنے کی ویڈیو دیکھ کر شکر ادا کرتی ہوں کہ بچوں کے ہاتھ میں ڈنڈے، پتھر اور بم نہیں بلکہ لیپ ٹاپ ہیں

طلبہ کو ایک لاکھ سے زائد سکوٹیز دینے جارہے ہیں، 300 نواز شریف سکول آف ایمینس بن رہے ہیں، اٹک شہر میں نجی گرائمر سکول اور سرکاری نواز شریف سکول آف ایمینس ساتھ ساتھ ہیں مگر سرکاری سکول بہت بہتر ہے

50 ہزار سکولوں میں پنجاب کے کروڑوں بچے زیر تعلیم ہیں، تعلیم سب سے بہتر سرمایہ کاری ہے کیونکہ ہر بچہ پاکستان کا علمبردار ہے، ماضی کے تمام کام بڑوں شہروں میں ہونے کی روایت توڑ دی ہے

جو گرین بس لاہور، راولپنڈی میں چلتی تھی وہی خوشاب، لیہ اور بھکر میں چل رہی ہے کوئی فرق نہیں، 25 چھوٹے اضلاع میں کیتھ لیب شروع ہیں، لاہور میں سب سے بڑا سرکاری کینسر ہسپتال بنا رہے ہیں

ڈیڑھ دو سال میں ڈھائی لاکھ گھروں کیلئے اپنی چھت، اپنا گھر کے لون دیئے، پہلی بار پنجاب حکومت غریب آدمی کے ساتھ کھڑی ہے اور کھڑی رہے گی، باتوں اور دعوؤں کی شیلف لائف ختم ہوچکی ہے



جہلم، دینہ میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا استقبال کیا جارہا ہے

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جہلم میں 15 دسمبر کو نواز شریف سکول آف ایمینس کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جنوری میں دینہ، سوہاوہ اور پنڈ دادنخان میں گرین بسیں چلانے کا اعلان، جہلم میں ہونہار سکالرشپ اور لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب کے خطاب میں کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کھربوں کے منصوبے ہیں، مریم نواز نے عوام کی امانت میں ایک پیسے کی کرپشن نہیں کی۔ کسی منسٹر کے خلاف کرپشن کا ثبوت سامنے آجائے تو قسم کھاتی ہوں نہیں چھوڑوں گی۔ جن کو اعتراض ہے، وہ وزیر کیوں بنے بیٹھے ہیں استعفیٰ دیکر گھر کیوں نہیں چلے جاتے۔ جنہوں نے کرپشن اور رشوت خوری میں نام بنایا آج بھی باہر بیٹھے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ یہ دعویٰ بالکل نہیں کرتی کہ کرپشن بالکل ختم ہوگئی ہے۔ کیا دوسرے صوبوں میں کرپشن نہیں ہوتی، لیکن پنجاب میں سی ایم کرپشن کا پتہ چلنے پر پیچھے پڑ جاتی ہے۔ 13 چودہ سال خیبر پختونخوا میں حکومت رہی، جو کرپشن کی اور کھانچے لگائے آج سامنے آرہے ہیں۔ میں پنجاب کی بات کرتی ہوں، باقی صوبوں کی بات نہیں کرتی، وہ خود عوام کو جوابدہ ہیں۔ پنجاب میں ایک ایک پیسہ عوام کی ترقی پر خرچ ہو رہا ہے۔ خیانت کرنے والوں کے حلق سے مال نکال لائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہم باتیں نہیں بناتے، باتوں کی عمر چھوٹی ہوتی ہے۔ خدمت کی وجہ سے مسلم لیگ ن بار بار اقتدار میں آتی ہے۔ یہاں برسر اقتدار حکومت رہی کتنے بچوں (بقیہ نمبر 48)

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا سیکٹر C-14 کا دورہ

بجلی کی فراہمی آخری مراحل میں داخل، مرکزی شاہراہوں پر لائٹ پولز اور سائن بورڈز کی تنصیب مکمل، لینڈ سکیپنگ اور ہارٹیکلچر کا کام جاری

کئی دہائیوں بعد نئے سیکٹرز میں ڈویلپمنٹ کے ساتھ الاٹیز کو پلاٹوں کا قبضہ دینے کا آغاز، شہر میں رہائشی سہولیات اور انفرا سٹرکچر کی بہتری اولین ترجیح



چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف سیکٹر C-14 میں ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے سیکٹر C-14 کا دورہ کیا اور وہاں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کو سیکٹر C-14 میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سیکٹر C-14 میں سیکٹر ڈویلپمنٹ کا کام زور و شور سے جاری ہے اور بنیادی انفرا سٹرکچر کا تقریباً 92 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ چیئرمین سی (بقیہ نمبر 49)

ترکیہ کے کارخانے میں دھماکا، 16 افراد ہلاک، 14 زخمی

حادثہ پلانٹ کی الیکٹرک آرک فرنس کی طے شدہ مرمت کے دوران پیش آیا، انتظامیہ

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے مغربی شہر ازمیر کے قریب لوہے اور اسٹیل بنانے والی فیکٹری میں خوفناک دھماکے اور آتشزدگی کے نتیجے میں کم از کم 17 مزدور ہلاک اور 12 زخمی ہوگئے جبکہ ملبے تلے مزید افراد کی موجودگی کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حادثہ علی آغا کے علاقے میں واقع حباش دمیر چیلک اسٹیل پلانٹ میں پیش آیا، جہاں ایک (بقیہ نمبر 50)

سرگودھا، مسلح افراد نے فائرنگ کرکے نوجوان کو قتل کردیا

سرگودھا (این این آئی) مسلح افراد نے فائرنگ کرکے نوجوان کو قتل کردیا جس کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لیکر پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی میں پکی شاہ مردان (بقیہ نمبر 51)

راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کے BASR کا چوتھا اجلاس

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کی صدارت؛ بیرونی ماہرینِ تعلیم کی شرکت، تحقیقی معیار پر کسی قسم کے سمجھوتے سے انکار

بورڈ میں پیش کرنے سے قبل ڈی آر سی (DRC) کو تمام تحقیقی خاکوں کی جامع جانچ یقینی بنانے کی ہدایت؛ تحقیق و جدت کے فروغ کے عزم کا اعادہ

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کے بورڈ آف ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ (BASR) کا چوتھا اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں شعبہ مینجمنٹ سائنسز اور میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اسٹڈیز کے پی ایچ ڈی اور ایم فل کے تحقیقی خاکے (سائنا پسز) منظوری اور جائزے کے لیے پیش کیے گئے۔ اجلاس کے دوران تحقیقی موضوعات کی (بقیہ نمبر 52)



راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کے بورڈ آف ایڈوانسڈ اسٹڈیز اینڈ ریسرچ کا اجلاس کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

مفادات کی منڈی میں عوامی ووٹ اور اعتماد کی قیمت کون لگا رہا ہے

سب سے گندی سیاست، چھمبی کی سیاست؟

جماعتیں بدلنے والے سیاسی اکابرین، مگر عوام کی قسمت نہ بدل سکی؛ سیاسی وفاداریوں کی تبدیلی ذاتی مفادات کی سیاست اور بنیادی سہولیات سے محروم بڑی آبادی پر عوامی سوالات شدت اختیار کر گئے

چوہدری عدنان گروپ کی خاموشی بھی توجہ کا مرکز؛ چھمبی کے عوام پوچھتے ہیں: ووٹ ہمارا، اعتماد ہمارا، مگر فائدہ کس کا؟

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد سے) تحصیل چوآسیدن شاہ کے نواحی گاؤں چھمبی کی سیاست ایک ایسے سیاسی منظرنامے کی عکاسی کر رہی ہے جہاں جماعتیں بدلتی رہیں، سیاسی وفاداریاں تبدیل ہوتی رہیں، اتحاد بنتے اور ٹوٹتے رہے، مگر عام آدمی کی زندگی میں تبدیلی کا سوال آج بھی اپنی جگہ موجود ہے۔ مقامی عوامی حلقوں میں اب یہ تلخ سوال شدت سے اٹھایا جا رہا ہے کہ کیا چھمبی کی سیاست عوامی خدمت کا (بقیہ نمبر 53)

چوہدری سالک حسین کا کرپشن کا الزام افسوسناک ہے

انہیں اپنا بیان واپس لے کر معذرت کرنی چاہیے، الحاج ملک محمد اسلم کھیلا



سرگودھا (نمائندہ خصوصی) سابق ممبر قومی اسمبلی و سینئر رہنما مسلم لیگ (ن) سرگودھا ڈویژن الحاج ملک محمد اسلم کھیلا نے کہا ہے کہ چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب حکومت پر کرپشن کے الزامات عائد کرنا انتہائی افسوسناک اور حقائق کے منافی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبائی حکومت شفافیت، میرٹ اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت دن رات مصروف عمل ہے انہوں نے اپنے ایک (بقیہ نمبر 43)

چک نمبر 91 رب دھنوآنہ میں صفائی کے ناقص انتظامات

گندگی کے ڈھیر، اہل علاقہ کا ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ

شاہکوٹ (میاں داؤد) شاہکوٹ کے نواحی گاؤں چک نمبر 91 رب دھنوآنہ میں صفائی ستھرائی کی صورتحال ابتر ہوگئی۔ گلیوں، بازاروں اور سکول کے سامنے گندگی کے ڈھیر لگے ہیں، جبکہ نالوں کی صفائی نہ ہونے سے سیوریج کا پانی گھروں میں داخل ہونے (بقیہ نمبر 44)

توہین عدالت کی درخواست پر سیکرٹری دفاع ذاتی حیثیت میں طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی احکامات کے باوجود تین کنال سے زائد اراضی پر تعمیرات نہ کرنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سیکرٹری دفاع کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے شہری خالد (بقیہ نمبر 40)

صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی

بارشوں کے باعث سموگ میں کمی اور سردی کی شدت میں اضافہ ہوگا

لاہور (این این آئی) آئندہ 2 روز کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے پنجاب کے مطابق راولپنڈی، میانوالی، جہلم، منڈی بہاؤالدین، اٹک، چکوال، خوشاب، بھکر، سرگودھا، مری اور گردونواح میں بارش کی پیشگوئی ہے۔ لاہور، قصور، سیالکوٹ، نارووال، گجرات، گجرانوالہ، حافظ آباد، وزیرآباد، شیخوپورہ میں بھی بارش کا امکان ہے۔ ڈیرہ غازی خان، لیہ، بھکر، ملتان اور گردونواح میں تیز (بقیہ نمبر 39)

ضمنی انتخابات میں ن لیگی امیدواروں کی فتح، وزیراعلیٰ پنجاب خدمت کی سیاست کا ثبوت ہے

این اے 77 گوجرانوالہ سے راشد بشیر ورک اور پی پی 203 چیچہ وطنی سے اسد حنیف کی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں

گوجرانوالہ اور چیچہ وطنی کے عوام نے مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر ایک بار پھر اپنے بھرپور اعتماد اور محبت کا اظہار کیا

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ عوام نے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کے حق میں فیصلہ دے کر خدمت کی سیاست کو سراہا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ قومی اور صوبائی اسمبلی کے ضمنی انتخابات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کی کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حلقہ این (بقیہ نمبر 38)

چوہدری شافع حسین سے راولپنڈی چیمبر کے وفد کی ملاقات

رنگ روڈ راولپنڈی پر نئی انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ کو حتمی شکل دی گئی

وزیراعلیٰ آسان کاروبار فنانس سکیم تجارتی سرگرمیوں کے فروغ میں معاون ثابت ہو رہی ہے

پیوٹ پروگرام سے پنجاب میں سرمایہ کاری بڑھے گی اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، صوبائی وزیر صنعت و تجارت

راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے نئی صنعتی پالیسی اور پنجاب حکومت کے پیوٹ پروگرام کو مستحسن اقدام قرار دیا

راولپنڈی (این ای این) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے اسلام آباد میں ایوان صنعت و تجارت راولپنڈی کے وفد نے ملاقات کی ہے وفد کی قیادت راولپنڈی چیمبر کے پیٹرن ان چیف سہیل الطاف کر رہے تھے۔ ملاقات کے دوران رنگ روڈ راولپنڈی پر نئی انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے معاملے کا جائزہ لیا گیا اسلام آباد اور راولپنڈی چیمبرز اور سرکاری حکام پر مشتمل مشترکہ ورکنگ گروپ کی تشکیل کو حتمی شکل دی گئی۔ مشترکہ ورکنگ گروپ رنگ روڈ راولپنڈی پر نئی انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے منصوبے کو تیزی (بقیہ نمبر 41)



صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کا راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کے ہمراہ ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

چک نمبر 91 رب دھنوآنہ میں صفائی کے ناقص انتظامات

گندگی کے ڈھیر، اہل علاقہ کا ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ

شاہکوٹ (میاں داؤد) شاہکوٹ کے نواحی گاؤں چک نمبر 91 رب دھنوآنہ میں صفائی ستھرائی کی صورتحال ابتر ہوگئی۔ گلیوں، بازاروں اور سکول کے سامنے گندگی کے ڈھیر لگے ہیں، جبکہ نالوں کی صفائی نہ ہونے سے سیوریج کا پانی گھروں میں داخل ہونے (بقیہ نمبر 44)



وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہسپتال میں مریضوں کی عیادت کر رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مری کا تفصیلی دورہ

مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، آغا ظہیر عباس شیرازی

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال مری کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ایمرجنسی وارڈ، او پی ڈی، میڈیسن سٹور، لیبارٹری اور دیگر وارڈز کا معائنہ کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی (بقیہ نمبر 45)



سکول کی بچیاں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے ملاقات کیلئے آرہی ہیں

مری بروری ورکرز یونین کی یومِ اقبال پر تقریب

چیئرمین عبدالغفار، صدر راجہ محمد وقاص، جنرل سیکرٹری چوہدری نیئر کمال کا خطاب

راولپنڈی (رپورٹ/عبدالرحمان) یومِ اقبال کے موقع پر مری بروری ورکرز یونین کے زیر اہتمام پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر شاعرِ مشرق، مفکرِ پاکستان علامہ ڈاکٹر سر محمد اقبال کی زندگی، علمی و ادبی خدمات اور قومی جدوجہد پر روشنی ڈالی (بقیہ نمبر 46)

گوجرخان میں سموگ کے خلاف آگاہی واک

ٹریفک پولیس اور پوٹھوہار پریس کے صحافیوں سمیت سول سوسائٹی کی شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) ٹریفک پولیس گوجرخان کے زیر اہتمام سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کے خلاف آگاہی مہم کے سلسلے میں پوٹھوہار پریس کلب سے بس اڈہ گوجرخان تک آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، جس میں ٹریفک پولیس کے افسران، پوٹھوہار پریس (بقیہ نمبر 47)

گورنمنٹ کیپری لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ کی تقریب میں شرکت

ہینسو سکول جہلم میں

بچوں نے پنسل سکیچ اور پورٹریٹ، صنعت زار کی طالبہ قدسیہ نے ہاتھ سے بنا سویٹر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو پیش کیا

گورنمنٹ کالج ٹاہلیاں والا کے طالبعلم محمد اسماعیل اور خدیجہ ڈال کا اظہار خیال، وزیراعلیٰ نے لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ چیکس بھی تقسیم کیے

سرکاری کالجز میں ساڑھے دس ہزار اور نجی کالجز میں ساڑھے سات ہزار ایڈمیشن ہوئے، وزیر تعلیم رانا سکندر حیات

جہلم کے طلبہ کیلئے 537 ہائی پروفارمنس کور آئی سیون لیپ ٹاپ 13 جنریشن ہارڈ ویئر لیپ ٹاپ اور 109 سکالرشپ کے تحفے تقسیم

سرکاری یونیورسٹی کے 115 طلبہ اور نرسنگ کالج کی 42 طالبات کو لیپ ٹاپ مل گئے، جہلم میں سرکاری کالجز کے 380 بچوں کیلئے لیپ ٹاپ، 329 طالبات اور 51 طالبعلم شامل

سی ایم ہونہار سکالرشپ سوشل سائنسز، بی ہیور سائنسز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ کمپیوٹر سائنس کے طلبہ کو دیا جارہا ہے

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گورنمنٹ کیپری ہینسو سکول جہلم پہنچ گئیں جہاں بچوں نے پنسل سکیچ اور پورٹریٹ پیش کئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی صنعت زار کی طالبہ قدسیہ نے ہاتھ سے بنا سویٹر پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی موجودگی میں پولیس کے چاک و چوبند دستے نے جنرل سلامی پیش کی۔ تقریب میں گورنمنٹ کالج ٹاہلیاں والا کے طالب علم محمد اسماعیل اور (بقیہ نمبر 42)

اشاعت خاص

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی



جہلم میں ترقی کا نیا باب

مریم نواز کا عوامی شو

بڑے منصوبوں کا اعلان، عوام کے دل جیت لیے

16 ارب 75 کروڑ روپے کی لاگت سے 124 کلومیٹر طویل دورویہ لیلہ جہلم روڈ تعمیر کرنے کا اعلان



تحریر۔ محمد فیصل ندیم

جہلم اور پنڈ دادن خان کا حالیہ دورہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے لیے محض ایک سرکاری مصروفیت نہیں بلکہ خطے میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں، عوامی رابطے اور حکومتی ترجیحات کو اجاگر کرنے کا ایک اہم موقع ثابت ہوا۔ وزیراعلیٰ کی آمد پر جہلم شہر سے پنڈ دادن خان تک جس انداز میں شہریوں نے ان کا استقبال کرنے اور خیرمقدمی نعروں نے دورے کو ایک عوامی رنگ دے دیا۔ جہلم کے اولڈ جی ٹی روڈ، جادہ، سول لائنز روڈ اور شاندار چوک سمیت مختلف علاقوں میں شہریوں کا جوش و خروش قابلِ ذکر تھا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بھی عوام کے استقبال کا ہاتھ ہلا کر جواب دیا اور بعض مقامات پر گاڑی سے باہر آ کر شہریوں کے نعروں کا جواب دیا۔ اسی طرح پنڈ دادن خان پہنچنے پر بھی شہریوں کی بڑی تعداد نے ان کا خیر مقدم کیا۔ مرکزی مقام پر وزیراعلیٰ نے مختلف شاہراہوں، بازاروں اور بازار کی بیوٹیفکیشن کا افتتاح اس دورے کا ایک اہم حصہ تھا، جو اس بات کی علامت ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ صرف بڑے شہروں تک محدود رکھنے کے بجائے چھوٹے شہروں اور تحصیلوں تک پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اس دورے کا سب سے اہم ترقیاتی منصوبہ 124 کلومیٹر طویل دورویہ لیلہ جہلم روڈ ہے، جس کی تعمیر پر 16 ارب 75 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ یہ شاہراہ جی ٹی روڈ این فائیو کو موٹروے ایم ٹو کے ساتھ منسلک ہوگی۔ وزیراعلیٰ نے جہلم میں ہونہار اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے 15 دسمبر کو جہلم میں نواز شریف اسکول آف ایمنس کے آغاز اور جنوری میں دینہ، سوہاوہ اور پنڈ دادن خان میں گرین بسیں چلانے کا اعلان بھی کیا۔

مریم نواز کا دورہ جہلم، عوامی استقبال اور بڑے ترقیاتی اعلانات



یہ اعلانات اس لحاظ سے اہم ہیں کہ چھوٹے شہروں کے طلبہ اور شہریوں کو بھی جدید تعلیمی اور سفری سہولیات فراہم کرنے کی سمت پیش رفت ہو رہی ہے۔ پنجاب بھر میں 300 نواز شریف اسکول آف ایمنس کے قیام، ایک لاکھ سے زائد طلبہ کو الیکٹرک سکوٹیز جدید لیبارٹریز، معیاری اساتذہ، بہتر کلاس رومز اور جدید ٹیکنالوجی سرکاری تعلیمی اداروں میں مستقل بنیادوں پر دستیاب ہو جائیں تو یہ واقعی ایک بڑی سماجی تبدیلی ثابت ہو سکتی ہے۔ صحت کے شعبے میں جہلم کی کیتھ لیب، چھوٹے اضلاع میں علاج کی جدید سہولیات اور لاہور میں سرکاری کینسر ہسپتال کی تعمیر جیسے منصوبے بھی اہمیت رکھتے ہیں۔

چھوٹے شہروں پر خصوصی توجہ، مریم نواز کا نیا ترقیاتی وژن



یہ مؤقف بھی قابلِ توجہ ہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں کا معیار اس سطح پر لایا جائے جہاں والدین اپنے بچوں کو نجی اسکولوں کے بجائے سرکاری اسکولوں میں داخل کروانے کو ترجیح دیں۔ اگر تعلیمی معاونت جیسے اقدامات نوجوان نسل کے لیے نئے مواقع پیدا کر سکتے ہیں۔ تعلیم کے حوالے سے وزیراعلیٰ کا وزیراعلیٰ کے مطابق پنجاب کے 25 چھوٹے اضلاع میں کیتھ لیب کی سہولت شروع کی جا رہی ہے، تاکہ دل کے مریضوں کو علاج کے لیے بڑے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ اسی طرح اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت گھروں کی تعمیر کے لیے قرضوں کی فراہمی کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے ایک اہم سہولت ہے۔ تاہم ان منصوبوں کی حقیقی کامیابی کا پیمانہ یہ ہوگا کہ عام شہری کو ان سے بروقت، آسان اور بلاامتیاز فائدہ پہنچے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنے خطاب میں کرپشن کے خلاف کارروائی، میرٹ کی بالادستی اور عوامی استقبالوں، نعروں اور اعلانات سے آگے بڑھ کر عملی نتائج کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ جہلم اور پنڈ دادن خان کے عوام کرپشن کا ثبوت سامنے آیا تو کارروائی کی جائے گی۔ یہ ایک اہم حکومتی مؤقف ہے، کیونکہ عوام کا اعتماد اسی وقت مضبوط ہوتا ہے جب احتساب کے اصولوں کا اطلاق بلاامتیاز ہو اور سرکاری وسائل کا ہر روپیہ عوامی فلاح پر خرچ ہوتا نظر آئے۔ تاہم کسی بھی حکومت کی کارکردگی کا اصل فیصلہ جلسوں، وسائل کے شفاف استعمال کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی وزیر یا سرکاری عہدیدار کے خلاف

جہلم سے پنڈ دادن خان تک ترقی کی نئی امیدیں

جہلم میں تعلیم، صحت اور سفری سہولیات کی نئی منصوبہ بندی

عوامی پذیرائی کے درمیان مریم نواز کے ترقیاتی وعدے

جہلم کی تقدیر بدلنے کے لیے ترقیاتی منصوبوں کا اعلان





فراہم کرنے اور مستحق طلبہ کے لیے

لیلہ جہلم روڈ سے ترقی کے نئے راستے کھلنے کی امید

نعروں سے عملی ترقی تک، جہلم دورے کا اصل امتحان

کو لیلہ جہلم روڈ کی بروقت تکمیل، گرین بسوں کا عملی آغاز، تعلیمی اداروں کی بہتری، صحت کی سہولیات اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کا انتظار رہے گا۔ ضروری ہے کہ ان منصوبوں کی نگرانی، شفافیت اور معیار پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عوام کو محض اعلانات نہیں بلکہ حقیقی ریلیف مل سکے۔ بلاشبہ جہلم اور پنڈ دادن خان جیسے علاقوں کو ترقی کے قومی دھارے میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اگر حکومت اپنے اعلانات کو مقررہ مدت میں عملی شکل دینے میں کامیاب ہو جاتی ہے تو یہ خطہ نہ صرف بہتر سفری سہولیات بلکہ تعلیم، صحت، تجارت اور روزگار کے نئے مواقع سے بھی مستفید ہو سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے اس دورے سے عوامی توقعات وابستہ ہوئی ہیں، اب اصل امتحان ان توقعات کو پورا کرنے اور ترقیاتی منصوبوں کو زمین پر مکمل کرنے کا ہے۔



بقیہ 1

کام مکمل کرلئے گئے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ اسی طرح سب سیکٹرز، سیکٹر E-12/4 میں ارتھ ورک کا کام مکمل جبکہ بیس، سب بیس اور ڈرینج کا کام تیزی سے جاری ہے۔ انہیں بتایا گیا کہ سروس روڈ خیابانِ اقبال پر ارتھ ورک مکمل ہو چکا ہے جبکہ سائیڈ سروس روڈ اور ایسٹ سروس روڈ پر ارتھ ورک کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے اور اسی طرح بیس ورک سمیت ڈرینج ورک کا کام بھی تیزی کیساتھ جاری ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ سیکٹر E-12/3 کی 15 گلیوں میں ٹی ایس ٹی (TST)، جبکہ باقی گلیوں میں ارتھ ورک اور بیس ورک پر تیزی سے کام جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو مزید بتایا گیا کہ سیکٹر E-12/2 کی 25 گلیوں میں ٹی ایس ٹی (TST) مکمل جبکہ باقی گلیوں میں ارتھ ورک اور بیس ورک پر تیزی سے کام جاری ہے۔ اسی طرح سیکٹر E-12/1 کی 25 گلیوں میں ٹی ایس ٹی (TST) مکمل جبکہ باقی گلیوں میں ارتھ ورک پر کام جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ سیکٹر E-12 کے باقی ماندہ ترقیاتی کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکٹرز ڈویلپمنٹ میں حائل تمام روکاوٹوں کو قانون کیمطابق دور کیا جا رہا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ سرکاری اراضی پر قبضہ کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ نئے سیکٹرز میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل سی ڈی اے انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں میں حائل تمام رکاوٹوں کا فوری حل یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سیکٹر E-12 کی جلد تکمیل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ سیکٹرز ڈویلپمنٹ سے نہ صرف رہائشیوں کو بہتر سہولیات فراہم ہونگی بلکہ شہر کی مجموعی ڈویلپمنٹ میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر دارالحکومت اسلام آباد میں رہائشی ضروریات کو پورا کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 2

بنیاد پر 14 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اعداد وشمار کے مطابق جولائی سے اکتوبر کے دوران موصول ہونے والی ترسیلات زر میں گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 14 فیصد اضافہ ہوا۔ اکتوبر کے دوران سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں نے 98 کروڑ ڈالر وطن بھیجے اور اس حوالے سے پہلے نمبر پر رہے جبکہ یو اے ای سے 81 کروڑ 59 لاکھ ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہوئیں، برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں نے 60 کروڑ ڈالر جبکہ امریکہ سے 33 کروڑ ڈالر وطن بھیجے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ ملکی زرمبادلہ کے ذخائر اور بیرونی ادائیگیوں کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ رواں مالی سال جون 2027ء تک 45 ارب ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہونے کا تخمینہ ہے۔

بقیہ 3

ملزم گرین کالونی میں متاثرہ شخص وسیم کے گھر کے باہر سرعام منشیات فروخت کر رہا تھا۔ جب متاثرہ شہری نے اسے اپنے گھر کے باہر منشیات بیچنے سے منع کیا تو ملزم غصے میں آ گیا اور تیز دھار آلے سے حملہ کردیا۔ اس حملے کے نتیجے میں شہری کے بازو اور کمر پر شدید زخم آئے ہیں۔ زخمی شہری کو فوری طور پر جنرل ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جہاں اس کا طبی علاج جاری ہے، اور اسپتال انتظامیہ کے مطابق اب اس کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ ایس پی اسد علی نے انکشاف کیا ہے کہ گرفتار ہونے والا ملزم، جس کا نام شرافت ہے، منشیات فروشی سمیت دیگر سنگین نوعیت کے 50 مقدمات میں پہلے سے ریکارڈ یافتہ ہے۔ پولیس نے ملزم شرافت کے خلاف اقدام قتل اور منشیات فروشی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کے لیے معاملہ انویسٹی گیشن کے حوالے کردیا ہے۔

بقیہ 4

غوث پور ہائر سیکنڈری اسکول میں منعقدہ تقریب کے دوران حال ہی میں ریٹائر ہونے والے پانچ سینئر اساتذہ استاد اسحاق ادرائی استاد عبدالفتاح چاچڑ استاد غلام شبیر سومرو استاد عزیز اللہ مہر عرف بھائی جان اور استاد شاہنواز جعفری کو ان کی طویل تدریسی خدمات کے اعتراف میں عزت واحترام کے ساتھ الوداع کیا گیا اس موقع پر ڈائریکٹر پرائمری ایجوکیشن لاڑکانہ علی اکبر کلھوڑو اسکول کے پرنسپل غلام ربانی ملک سید عبدالرحمان شاہ استاد الٰہی بخش میرانی، سید سلیم شاہ جیلانی سمیت سول سوسائٹی کی متعدد معزز شخصیات، صحافیوں اساتذہ اور دیگر مہمانوں نے شرکت کی تقریب کے دوران ہائر سیکنڈری اسکول کے مختلف اساتذہ نے پانچوں ریٹائرڈ اساتذہ کو سندھ کی ثقافت کی پہچان اجرکیں، شالیں اور سندھی ٹوپیاں پیش کیں جبکہ انہیں پھولوں کے ہار پہنا کر محبت عقیدت اور احترام کا اظہار کیا گیا اس موقع پر شرکاء نے ریٹائر ہونے والے اساتذہ کی تعلیمی خدمات اور طلبہ کی کردار سازی کے لیے کی جانے والی محنت کو سراہا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر پرائمری ایجوکیشن لاڑکانہ علی اکبر کلھوڑو اور پرنسپل غلام ربانی ملک نے کہا کہ ریٹائر ہونے والے پانچوں سینئر اساتذہ ہمارے اسکول اور محکمہ تعلیم کا قیمتی سرمایہ رہے ہیں جنہوں نے اپنی ملازمت کے دوران پوری محنت لگن دیانت داری اور فرض شناسی کے ساتھ تدریسی فرائض انجام دیے انہوں نے اپنی زندگی کے قیمتی سال نئی نسل کی تعلیم وتربیت کے لیے وقف کیے اور ہزاروں بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے میں اپنا کردار ادا کیا انہوں نے مزید کہا کہ استاد محض ایک ملازم نہیں بلکہ ایک مکمل ادارے کی حیثیت رکھتا ہے، جو بچوں کی تعلیمی رہنمائی کے ساتھ ان کی اخلاقی تربیت کردار سازی اور بہتر مستقبل کی بنیاد رکھتا ہے ایک اچھا استاد معاشرے کو باشعور تعلیم یافتہ اور ذمہ دار شہری فراہم کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے اساتذہ کی محنت اور رہنمائی سے ہی قوموں کی ترقی اور خوشحالی کی راہیں ہموار ہوتی ہیں مقررین کا کہنا تھا کہ ریٹائرمنٹ ملازمت کے اختتام کا نام ضرور ہے لیکن ایک اچھے استاد کی خدمات، محنت اور شاگردوں کے دلوں میں چھوڑی گئی محبت اور عزت کبھی ختم نہیں ہوتی۔ ریٹائر ہونے والے اساتذہ نے اپنے تدریسی دور میں جو علمی اخلاقی اور تعلیمی خدمات سرانجام دی ہیں وہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادارے میں خدمات انجام دینے والے قابل اور محنتی اساتذہ کی قدر ومنزلت کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے تاکہ تعلیمی شعبے سے وابستہ افراد کی حوصلہ افزائی ہو تقریب کی نظامت کے فرائض استاد الٰہی بخش میرانی نے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیے انہوں نے بھی اساتذہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے تقریب میں شریک مہمانوں اور شرکاء کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا تقریب کے اختتام پر ریٹائر ہونے والے پانچوں سینئر اساتذہ کو نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء کا کہنا تھا کہ ایسے پروقار پروگرام نہ صرف اساتذہ کی خدمات کے اعتراف کا بہترین ذریعہ ہیں بلکہ تعلیمی اداروں میں احترام استاد، محبت، بھائی چارے اور مثبت روایات کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں

بقیہ 5

پنجاب صاف پانی اتھارٹی کی جانب سے ضلع راولپنڈی میں جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ضلع راولپنڈی میں مجموعی طور پر 241 موجودہ واٹر فلٹریشن پلانٹس میں سے 182 فعال ہیں۔ غیر فعال فلٹریشن پلانٹس کی بحالی کا کام ایف ڈبلیو او کے ذریعے جاری ہے، جس کی تکمیل کی آخری تاریخ 30 نومبر 2026 مقرر ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع راولپنڈی کی پانچ تحصیلوں میں وزیراعلیٰ پنجاب صاف پانی پروگرام فیز ون کے تحت 1 ارب 47 کروڑ روپے کی لاگت سے 252 نئے واٹر فلٹریشن پلانٹس قائم کیے جا رہے ہیں۔ منصوبے پر مجموعی طور پر 205 سائٹس حوالے کی جا چکی ہیں جبکہ 187 سائٹس پر عملی کام شروع ہو چکا ہے اور 5 6 واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کیے جا چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے جاری منصوبوں کی رفتار، معیار اور مقررہ مدت میں تکمیل کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی اور نئے پلانٹس کی تنصیب کے کام میں تیزی لائی جائے تاکہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 6

مریضوں کی بہتر تشخیص اور معیاری علاج معالجے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرز مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے باقاعدگی سے وارڈز کا دورہ کریں اور علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز نہ برتی جائے۔ انہوں نے ہسپتال کے تمام شعبہ جات میں صفائی ستھرائی برقرار رکھنے اور طبی سہولیات کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے وژن کے تحت مریضوں کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دی جائے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے غوثیہ چوک میں جاری ترقیاتی کاموں کا بھی جائزہ لیا اور عوامی سہولت کے پیش نظر منصوبے جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 7

دوران ایک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، زیرحراست ڈاکو سے اسلحہ برآمد ہوا، گرفتار ڈاکو سنیچنگ کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا اہم رکن ہے، پولیس نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے فائرنگ شروع کردی، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقعہ پر پہنچ گئے، فرار ملزمان کی گرفتاری کے لئے سرچنگ، شہریوں کی جان ومال اور پولیس پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 8

ہفتے کے ساتوں دن دستیاب ہوگی۔ حکام نے کہا کہ بجلی صارفین کو آسان، محفوظ اور تیز رفتار خدمات فراہم کرنا فیسکو کی اولین ترجیح ہے اور کیو آر کوڈ کے ذریعے ادائیگی کا مقصد صارفین کا وقت بچانے کے ساتھ ادائیگی کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ اس سہولت سے متعلق آگاہی اور معلومات کے لیے صارفین فیسکو ہیلپ لائن پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

بقیہ 9

گیا ہے۔ ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ہارٹیکلچر زون II کو فوری طور پر شجرکاری اور علاقے کی گرین بیلٹ کی بحالی کی ہدایت کی تھی۔ ایم ڈی ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور احمد عثمان جاوید نے ہدایت دی کہ شہر کے مختلف علاقوں میں زیادہ سے زیادہ شجرکاری کی جائے اور کوئی بھی دستیاب جگہ خالی نہ چھوڑی جائے۔ انہوں نے کہا کہ درختوں کا تحفظ اور شہر کے گرین کور میں اضافہ ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کو سرسبز، خوبصورت اور صاف ستھرا بنانے کے لیے شجرکاری کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا، جبکہ درختوں کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور شہر میں سرسبز ماحول کے فروغ اور گرین کور میں اضافے کے لیے شجرکاری کا عمل مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 10

گرفتار کرلیا، گینگ سرغنہ قبل ازیں موٹر سائیکل چوری و نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث و ریکارڈ یافتہ ہے، ایس پی صدر کا کہنا تھا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 11

چوکی بشارت کا وزٹ کیا اور وہاں دستیاب ریکارڈ، انتظامی امور اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی پی او چکوال نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو فوری انصاف کی فراہمی، شہریوں کے مسائل کا بروقت حل اور پولیس کے نظام ورویوں میں مثبت تبدیلی چکوال پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

بقیہ 12

کنال سات مرلہ ملتان روڈ پر خالی پلاٹ پڑا ہے، 1979ء وفاقی حکومت نے تین کنال سے زائد اراضی پر تعمیر نہ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر رکھا ہے، 2023ء میں ہائیکورٹ نے پلاٹ پر تعمیر کرنے کا حکم دیا تھا۔ عدالتی احکامات کے باوجود تاحال پلاٹ پر تعمیر نہیں کرنے دی جا رہی۔

بقیہ 13

نمائندگان کے رکن منتخب ہوئے۔ یوں پیٹ ہیگسیتھ کے خلاف مواخذے کی قرارداد ان کی اپنی ہی جماعت کے رکن نے پیش کی۔ پیٹ ہیگسیتھ نے اہم جوابی پریس کانفرنس کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مواخذے کی قراردادیں میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے مواخذے میں پیٹ ہیگسیتھ کا ساتھ دینے کا اعلان کیا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے پہلے نو منتخب ڈیموکریٹ رکن کانگریس نینسی لاکور بھی پیٹ ہیگسیتھ کے خلاف مواخذے کی قرارداد لانے کا اعلان کر چکی ہیں۔ نینسی لاکور امریکی بحریہ کی افسر تھیں جنہیں پینتیس سال ملازمت کے بعد پیٹ ہیگسیتھ نے پچھلے سال اگست میں نوکری سے نکال دیا گیا تھا۔

بقیہ 14

پوٹھوہار پریس کلب ملک اسد، اور سینئر صحافیوں ملک نصیر، حاجی شفقت علی خان، نصیر چشتی سمیت پریس کے دیگر ممبران اور بلدیہ اہلکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے مفکرِ پاکستان کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ 15

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال گوجر خان لے جایا گیا، جہاں معائنے کے بعد ادویات دے کر گھر بھیج دیا گیا۔ طبیعت میں بہتری نہ آنے پر وہ تقریباً دو بجے بچی کو چلڈرن ہسپتال لے گئیں، جہاں ڈاکٹر نے معائنے کے بعد ادویات تجویز کرتے ہوئے ڈرپ لگانے کی ہدایت کی۔ ان کا الزام ہے کہ ڈرپ شروع ہوتے ہی بچی کی طبیعت بگڑ گئی اور سانس لینے میں دشواری بڑھنے لگی۔ دوسری جانب ہسپتال انتظامیہ کا مؤقف ہے کہ بچی کو جب ہسپتال لایا گیا تو اس کی حالت تشویشناک تھی، اسے فوری طور پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی اور مزید علاج کے لیے راولپنڈی ریفر کر دیا گیا، جہاں پہنچنے کے تین سے چار گھنٹے بعد اس کا انتقال ہوا۔ پولیس نے واقعے کی وجوہات اور الزامات کی تصدیق کے لیے پوسٹ مارٹم کی اہمیت سے لواحقین کو آگاہ کیا۔ ایس ایچ او چوہدری جمیل نے بارہا سمجھایا کہ قانونی کارروائی اور حقائق کے تعین کے لیے پوسٹ مارٹم ضروری ہے، تاہم ورثا انکار کرتے رہے اور بالآخر بچی کی میت لے کر گھر روانہ ہو گئے۔ لواحقین نے ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 16

آپریشنز، سی ایم یو، ہیلپ لائن اور کوآرڈینیشن اسٹاف کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں متعلقہ شعبہ جات کی مجموعی کارکردگی، روزمرہ امور، باہمی رابطہ کاری، عوامی شکایات کے مؤثر ازالے اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس کے دوران ہیلپ لائن 1799 پر موصول ہونے والی شکایات کے بروقت اندراج، متعلقہ سرکلز کو فوری ترسیل اور شکایت کنندگان کو پیش رفت سے آگاہ رکھنے کے نظام کا بھی جائزہ لیا گیا، ڈی جی این سی سی آئی اے نے تمام شعبہ جات کے درمیان مؤثر کوآرڈینیشن پر زور دیتے ہوئے عوام کو بروقت سہولیات کی فراہمی اور ادارہ جاتی کارکردگی میں بہتری کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کی ہدایت کی، انہوں نے ہدایت کی کہ عوامی شکایات کو میرٹ پر، شفاف انداز میں اور مقررہ وقت کے اندر حل کیا جائے اور کسی بھی سطح پر تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی،

بقیہ 17

جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت ملک بھر کے ایڈیشنل ڈائریکٹرز کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری آپریشنل امور، انتظامی معاملات اور سائبر کرائم کے خلاف کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ جلاس کے دوران مختلف سرکلز کی کارکردگی، زیر التوا مقدمات، جاری آپریشنز اور درپیش چیلنجز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں بہتری، مؤثر حکمت عملی اور ادارہ جاتی کارکردگی کو مزید مستحکم بنانے پر بھی گفتگو کی گئی، ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے افسران کو ہدایت کی کہ سائبر کرائم کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے اور شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے، انہوں نے مزید کہا کہ این سی سی آئی اے سائبر کرائم کے خاتمے، شہریوں کے تحفظ اور ڈیجیٹل محفوظ ماحول کے قیام کے لیے پرعزم ہے، شہری کسی بھی سائبر جرم کی اطلاع 1799 پر دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں۔

بقیہ 18

موصول ہونے پر مقدمے کی تفتیش سب انسپکٹر غیور عباس جعفری کے سپرد کی گئی، جنہوں نے معاملے کی باریک بینی سے تفتیش کی، تفتیشی افسر سب انسپکٹر غیور عباس جعفری نے بروقت، مؤثر اور پیشہ ورانہ کوششوں سے فراڈ شدہ رقم میں سے 800,000 روپے برآمد کر لیے، برآمد شدہ رقم 800,000 روپے متاثرہ خاتون / شکایت کنندہ عظمیٰ شاہین کے حوالے کردی گئی، جس پر شکایت کنندہ نے این سی سی آئی اے راولپنڈی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 19

لیا، گرفتار ملزم کی شناخت عمران حسین کے نام سے ہوئی ہے، شکایت کنندہ کے مطابق ملزم عمران حسین اسے رقم کا مطالبہ کر کے بلیک میل کر رہا تھا اور اس کی قابل اعتراض ویڈیوز اس کے رشتہ داروں کو بھیجنے کی دھمکی دے رہا تھا، ملزم نے شکایت کنندہ کی ویڈیوز "وی ونس" فیچر کے ذریعے اس کے رشتہ داروں کو بھی بھیجیں اور حال ہی میں اسے ملنے سے انکار پر قابل اعتراض ڈیٹا پھیلانے کی دھمکی دی، شکایت موصول ہونے پر این سی سی آئی اے لاہور نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم عمران حسین کو گرفتار کرلیا اور اس کے خلاف شکایت کنندہ کو اس کی قابل اعتراض ویڈیوز کے ذریعے بلیک میل کرنے، رقم کا مطالبہ کرنے اور ویڈیوز رشتہ داروں میں پھیلانے کی دھمکی دینے پر مقدمہ درج کر لیا گیا، اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کا یہ کہنا تھا کہ این سی سی آئی اے خواتین کو آن لائن ہراساں کرنے، بلیک میل کرنے اور جنسی استحصال میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کے لیے پرعزم ہے اور کسی کو نہیں بخشا جائے گا، شہری کسی بھی سائبر جرم کی اطلاع 1799 پر دیں یا قریبی سرکل میں رپورٹ کریں

بقیہ 20

کے ماسٹر پلان، آئی سی ٹی زوننگ ریگولیشنز پر بریفنگ دی گئی اور شرکاء کو اسلام آباد شہر کی ڈویلپمنٹ اور خوبصورتی سے متعلق مختلف منصوبہ جات اور اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ سول سروسز اکیڈمی لاہور کے تحت 54 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے فیکلٹی ممبران وزیر تربیت پروبیشنری افسران کو اسلام آباد شہر میں مکمل، جاری ومستقبل کے میگا پراجیکٹس کے متعلق بھی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ دیتے ہوئے سول سروسز اکیڈمی لاہور کے زیر تربیت پروبیشنری افسران کو بتایا گیا کہ اسلام آباد کے شہریوں کی سہولت اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کیلئے لینڈ ریکارڈ سمیت مختلف سروسز کی ڈیجیٹائزیشن کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے سول سروسز اکیڈمی لاہور کے زیر تربیت پروبیشنری افسران کو بتایا گیا کہ اسلام آباد شہر میں تقریباً 200 میٹرو بس نیٹ ورک سمیت فیڈر بسوں کا ماس ٹرانزٹ سسٹم متعارف کرایا گیا ہے اور فیڈر بسوں کا تمام نیٹ ورک الیکٹرک اور ماحول دوست (Fleet) فلیٹ پر مشتمل ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ دارالحکومت اسلام آباد میں موجودہ آبی وسائل کے بہتر انتظامات اور مستقبل میں پانی کی فراہمی کیلئے مختلف منصوبوں کا آغاز کیا جا رہا ہے اور اس سلسلے میں شاہدرہ ڈیم کی تعمیر کا جلد آغاز کیا جا رہا ہے جبکہ دوتارہ ڈیمز کی فزیبلٹی کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے کہا کہ دارالحکومت اسلام آباد میں سملی ڈیم کی ڈی سلٹنگ اور کنڈکشن پائپ لائنوں کے منصوبوں پر کام جاری ہے۔

بقیہ 21

کے درمیان باہمی احترام، خیرسگالی اور امن وعالمی تعاون کے مشترکہ عزم پر مبنی دیرینہ اور خوشگوار تعلقات استوار ہیں۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان روابط کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں وسیع تر تعاون کے ذریعے دونوں ممالک کے عوام کے مفاد میں دوطرفہ تعلقات استحکام پذیر رہیں گے۔

بقیہ 22

تحت نہر پر کسی قسم کی تعمیرات نہیں کی جاسکتیں جبکہ فلوٹنگ ریسٹورینٹ کی تعمیر کے لیے نہر کے کنارے درخت بھی کاٹے جا رہے ہیں۔ درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کی کہ منصوبے کا تعمیراتی کام فوری طور پر روکنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔ واضح رہے کہ عدالت اس سے قبل فلوٹنگ ریسٹورینٹ منصوبے کو فوری طور پر روکنے کی استدعا مسترد کر چکی ہے۔

بقیہ 23

عرب کے منصوبوں کے لیے ہوگی۔

بقیہ 24

بند سیوریج لائنوں کی صفائی اور بحالی ممکن ہوگی۔ اس کے علاوہ سیوریج لائنوں سے گندگی نکالنے کے لیے سکشن اور ڈی سلٹنگ مشینری بھی خریدی جائے گی، جبکہ بارش کے دوران پانی کی بروقت نکاسی کے لیے ڈی واٹرنگ پمپس اور موبائل ڈرینج مشینری بھی واسا کے بیڑے میں شامل کی جائے گی۔ منصوبے میں شہریوں کو پینے کے پانی کی بہتر فراہمی یقینی بنانے کے لیے واٹر پمپس اور دیگر مکینیکل آلات کی خریداری بھی شامل ہے، جس سے پانی کی فراہمی کا نظام مزید موثر بنایا جا سکے گا۔ حکومت کے مطابق اس منصوبے کا مقصد لاہور میں سیوریج، نکاسی آب اور فراہمی آب کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 25

ومرمت کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اسی طرح مستقل بنیادوں پر جدید اور خوبصورت سٹریٹ لائٹس نصب کرنے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیکٹر F-6 مرکز، سپر مارکیٹ میں لینڈ سکیپنگ، ماحول دوست شجرکاری سمیت اطراف میں گرین ایریاز کو فروغ دینے کیلئے بھی بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں بتایا گیا کہ ٹریفک کی روانی کو تسلسل کیساتھ برقرار رکھنے کیلئے پارکنگ کے مناسب انتظامات ترجیح بنیادوں پر کیے جا رہے ہیں۔ اسی طرح پارکنگ ایریاز کی تعمیر ومرمت پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے اور پارکنگ ایریاز کو خوبصورت ٹف ٹائلز سے مزین کیا جا رہا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ سیکٹر F-6 مرکز، سپر مارکیٹ میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو برقرار رکھنے کیلئے مختلف شفٹس میں سینیٹیشن اسٹاف تعینات کیا گیا ہے۔ اسی طرح مختلف مقامات پر خوبصورت ڈسٹ بینز بھی نصب کی جا رہی ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے کو مزید بتایا گیا کہ شہریوں کیلئے جدید اور خوبصورت بینچز نصب کرنے کا سلسلہ بھی تیزی کیساتھ جاری ہے۔

بقیہ 26

ڈائریکٹر محمد ساجد عباسی شامل تھے۔ اس موقع پر ٹیوٹا پنجاب کی طرف سے چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) محمد ساجد کھوکھر، سی او او ٹیوٹا پنجاب محمد اقبال سمیت ٹیوٹا پنجاب کے تمام ڈائریکٹر جنرلز موجود تھے۔ آزاد کشمیر کے وفد کو ٹیوٹا پنجاب پر بریفنگ دی گئی۔ وفد کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سکل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹوز کے تحت جاری پراجیکٹس جن میں ہاسپیٹلٹی (میرا کی) انڈسٹریل سٹیچنگ کنسٹرکشن ایڈوانس آئی ٹی کیئرنگ ہینڈز، کریٹو ہینڈز سمیت دیگر پراجیکٹس شامل تھے پر تفصیلی بریف کیا گیا۔ چیئرمین آزاد جموں کشمیر ٹیوٹا نے ان تمام پراجیکٹس میں گہری دلچسپی لی اور اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ آزاد کشمیر میں بھی ان کا آغاز کریں گے۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہاں آنے سے قبل انہوں نے ٹیوٹا پنجاب کے میرا کی پروگرام کے بارے کافی سنا تھا اور ان کے ذہن میں تھا کہ وہ اسی طرز پر آزاد کشمیر میں بھی ہاسپیٹلٹی کے کورسز شروع کریں گے۔ چیئرمین پنجاب ٹیوٹا نے مہمان وفد کی طرف سے پوچھے جانے والے سوالات کا تفصیلی جواب دیا۔ بعد ازاں آزاد کشمیر کے وفد نے گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ گلبرگ میں میرا کی ڈیپارٹمنٹ اور گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ گجر پورہ میں کیئرنگ ہینڈز کی کلاسز کا دورہ بھی کیا اور ٹیوٹا پنجاب کی تربیت کے معیار کو سراہا۔

بقیہ 27

نے کہا کہ سب سے زیادہ تشویشناک صورتحال بچوں، بزرگوں، سانس اور دل کے امراض میں مبتلا مریضوں اور ان محنت کشوں کی ہے جو روزگار کی خاطر سارا دن سڑکوں اور کھلے مقامات پر کام کرتے ہیں۔ کیا ایک مزدور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کے لیے اپنی صحت داؤ پر لگاتا رہے گا؟ کیا والدین اپنے بچوں کو اسکول بھیجتے ہوئے ان کی صحت کے بارے میں خوفزدہ رہیں گے؟ شہریوں کو صاف ہوا میں سانس لینے کا حق دینا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ فیصل میر نے کہا کہ اسموگ کے نام پر وقتی اقدامات، چند دن کی مہمات اور محض بیانات کافی نہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں، صنعتی آلودگی، غیر معیاری ایندھن اور فصلوں کی باقیات جلانے کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرے۔ متعلقہ اداروں کی کارکردگی کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے اور فضائی آلودگی میں کمی کے لیے واضح اہداف مقرر کیے جائیں۔

بقیہ 28

کے دائرہ کار میں لانے کیلئے کیے جانے والے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر ذوالفقار علی کھرل نے ہدایت کی کہ غیر رجسٹرڈ صنعتی وکاروباری اداروں کو سوشل سکیورٹی کے دائرہ کار میں لانے کا عمل تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے تمام صنعتی وکاروباری یونٹس جہاں دو یا دو سے زائد ورکرز کام کرتے ہیں ان کی پنجاب سوشل سکیورٹی میں رجسٹریشن لازمی ہے۔ صنعتی وکاروباری اداروں کی رجسٹریشن کے عمل کو مزید مؤثر اور تیز بنایا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ محنت کشوں کو سوشل سکیورٹی کے دائرہ کار میں لایا جاسکے۔ کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی نے تمام متعلقہ ڈائریکٹوریٹس کو ہدایت کی کہ ریکوری اور رجسٹریشن کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی وکاروباری ادارے اپنے ورکرز کو سوشل سکیورٹی میں رجسٹرڈ کروا کر اپنی قانونی واخلاقی ذمہ داری پوری کریں۔

بقیہ 29

دہی سمیت روزمرہ استعمال کی بیشتر اشیاء سرکاری نرخ ناموں کے بجائے دکانداروں کی اپنی مقرر کردہ قیمتوں پر فروخت ہو رہی ہیں۔ صورتحال یہ ہے کہ کسی ایک چیز کی قیمت بھی پرائس لسٹ کے مطابق دستیاب نہیں، جبکہ بازاروں میں باقاعدہ چیکنگ اور نرخ ناموں پر عملدرآمد بھی نظر نہیں آتا۔ شہریوں کے مطابق مہنگائی کے پہلے سے ستائے عوام کے لیے روزمرہ خوراک کا حصول مزید مشکل ہوتا جا رہا ہے، جبکہ قیمتوں پر مؤثر نگرانی نہ ہونے سے منافع خوروں کو فائدہ اور عام آدمی کی جیب پر اضافی بوجھ پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گرجا روڈ، ڈھمیال روڈ اور ملحقہ علاقوں کے بازاروں میں اچانک معائنوں کا سلسلہ شروع کیا جائے، سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور زائد قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے تاکہ عوام کو مصنوعی مہنگائی اور ناجائز منافع خوری سے ریلیف مل سکے۔

بقیہ 30

اجاگر کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 31

بندی کی اہمیت جدید تقاضوں سے ہم آہنگ رہائشی منصوبوں کی تشکیل اور پائیدار شہری ترقی کے فروغ پر روشنی ڈالی گئی۔ اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ منظم شہری منصوبہ بندی، جدید انفراسٹرکچر، ماحول دوست طرزِ تعمیر اور بہتر شہری سہولیات کی فراہمی کے ذریعے رہائشی منصوبوں کو مزید مؤثر اور پائیدار بنایا جا سکتا ہے۔ فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی شہری منصوبہ بندی کے جدید اصولوں کو اپناتے ہوئے وفاقی ملازمین کو بہتر، محفوظ اور معیاری رہائشی سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ ورلڈ ٹاؤن پلاننگ ڈے منانے کا مقصد شہری منصوبہ بندی کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور ایک منظم، خوشحال اور پائیدار مستقبل کی تعمیر کے لیے اجتماعی کوششوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ڈائریکٹر پلاننگ نے منسٹر ہاؤسنگ اینڈ ورکس اور سیکرٹری ہاؤسنگ کی دوراندیش قیادت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی سرپرستی میں محکمہ ہاؤسنگ دورِ جدید کے تقاضوں کے مطابق پائیدار ترقی اور سمارٹ سٹی پلاننگ کی طرف تیزی سے گامزن ہے۔ ڈائریکٹر پلاننگ کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس جناب ریاض حسین پیرزادہ صاحب، سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس احسان علی منگی کی ہدایات کی روشنی میں فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہاؤسنگ اتھارٹی کی پہلی ترجیح ایسے رہائشی منصوبے بنانا ہے جو نہ صرف ماحولیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرسکیں

بقیہ 32

میں انہوں نے تجارتی خسارے میں 16 فیصد اضافے کی رپورٹس پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بڑھتا ہوا تجارتی خسارہ ملکی معیشت کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، ہماری موجودہ مالیاتی پالیسیاں زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتیں، درآمدی اخراجات قابو میں لانے اور برآمدات بڑھانے کیلئے حکومت صنعت کاروں اور برآمد کنندگان کی مشاورت سے اقدامات کرے۔ جب تک کاروباری طبقہ اور صنعتکاروں کو اعتماد میں نہیں لیا جائے گا اس وقت تک معیشت گرداب میں رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے مطابق جولائی سے اکتوبر کے دوران تجارتی خسارہ تقریباً 2 ارب ڈالر بڑھ کر 14.6 ارب ڈالر ہو گیا۔ درآمدات 12.5 فیصد اضافے سے 26 ارب ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور نے مزید کہا کہ جب تک مقامی صنعت اور زرعی شعبے کو سستی بجلی، گیس اور خام مال نہیں ملے گا درآمدات کا طوفان نہیں روکا جا سکتا۔ تجارتی خسارے پر قابو پانے کیلئے درآمدی اشیا پر انحصار کم کرنا اور مقامی مینوفیکچرنگ کو فروغ دینا ہوگا۔

بقیہ 33

نے تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تمباکو نوشی نہ صرف انسانی صحت بلکہ پورے معاشرے کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو تمباکو اور دیگر نشہ آور اشیاء کے مضر اثرات سے محفوظ رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اس مقصد کے لیے آگاہی مہمات، تعلیمی اداروں میں شعور بیدار کرنے کے اقدامات اور حکومتی سطح پر مؤثر پالیسیوں کا نفاذ ناگزیر ہے۔ شازیہ رضوان نے ہیومن ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی انسداد تمباکو نوشی کے لیے کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے سرکاری اداروں، سول سوسائٹی اور عوام کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحت مند، محفوظ اور تمباکو سے پاک پنجاب کے قیام کے لیے آگاہی اور اجتماعی کوششوں کی حوصلہ افزائی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 34

چندروز قبل کوٹ لکھپت جیل میں قید شاہ محمود قریشی کی طبیعت ناساز ہوئی تھی۔ وہ اپنی بیرک میں چہل قدمی کے دوران اچانک چکر آنے سے گر پڑے تھے، جس کے باعث ان کے جسم پر چوٹیں آئی تھیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بیرک میں گرنے سے شاہ محمود قریشی کے گھٹنے اور بازو پر چوٹیں آئی تھیں۔ جیل حکام نے شاہ محمود قریشی کے بلڈ سیمپل لے کر شوکت خانم ہسپتال بھجوائے تھے۔

بقیہ 35

جائے گی۔ حکام کے مطابق یہ اقدام پنجاب کلائمیٹ ریزیلیئنٹ اینڈ لو کاربن ایگریکلچر میکانائزیشن پراجیکٹ کا حصہ ہے، جس کا مقصد زرعی شعبے کو موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے ہم آہنگ کرنا، جدید زرعی مشینری کو فروغ دینا اور کاربن کے اخراج میں کمی لانا ہے۔ منصوبے کے تحت خریدے جانے والے ٹیبلٹس زرعی فیلڈ ڈیٹا کی ڈیجیٹل ریکارڈنگ، معلومات کی بروقت ترسیل اور منصوبے کی موثر نگرانی میں معاون ثابت ہوں گے۔ دستاویزات کے مطابق جدید ٹیبلٹس میں فائیو جی، جی پی ایس، 8 جی بی ریم اور 128 جی بی اسٹوریج کی سہولت موجود ہوگی تاکہ فیلڈ میں کام کرنے والے عملے کو جدید ڈیجیٹل سہولیات فراہم کی جاسکیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ تمام ٹیبلٹس محکمہ زراعت پنجاب کے متعلقہ پراجیکٹ آفس کو فراہم کیے جائیں گے تاکہ منصوبے پر موثر انداز میں عملدرآمد یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 36

مقرر کر دیا گیا ہے محکمہ پولیس سندھ کی جانب سے 9 نومبر 2026 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر 42-19924 کے مطابق ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو، جو پولیس سروس آف پاکستان کے گریڈ 19 کے افسر ہیں اور اس سے قبل سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (SSP)، اسپیشلائزڈ انویسٹی گیشن یونٹ (SIU) کراچی رینج کے عہدے پر خدمات انجام دے رہے تھے، انہیں فوری طور پر اگلے احکامات تک سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (SP) ضلع کشمور تعینات کرنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو ضلع کشمور میں محمد مراد کی جگہ ذمہ داریاں سنبھالیں گے، جبکہ محمد مراد، جو پولیس سروس آف پاکستان کے گریڈ 18 کے افسر ہیں اور بطور ایس پی ضلع کشمور تعینات تھے، ان کا تبادلہ کر کے انہیں فوری طور پر اگلے احکامات تک ایس ایس پی اسپیشلائزڈ انویسٹی گیشن یونٹ (SIU) کراچی رینج مقرر کیا گیا ہے۔ مذکورہ تبادلوں اور تقرریوں کے احکامات انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ جاوید اے اوڈھو کی جانب سے جاری کیے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کی نقول متعلقہ اعلیٰ حکام، محکمہ داخلہ سندھ، پولیس کے مختلف دفاتر اور متعلقہ افسران کو ضروری کارروائی اور عمل درآمد کے لیے ارسال کر دی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ ضلع کشمور، خصوصاً کندھ کوٹ، کشمور، غوثپور اور تنگوانی کے علاقوں میں امن وامان، جرائم کی روک تھام، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اور پولیس کارکردگی عوامی حلقوں کے اہم مطالبات ہیں۔ نئے تعینات ہونے والے ایس پی ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو سے شہریوں کو توقع ہے کہ وہ علاقے میں امن وامان کی بہتری، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی اور عوامی شکایات کے ازالے کے لیے عملی اقدامات کریں گے سندھ پولیس میں اہم تبادلے، ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو نئے ایس پی ضلع کشمور تعینات، جبکہ موجودہ ایس پی محمد مراد کو ایس ایس پی ایس آئی یو کراچی رینج مقرر کر دیا گیا ہے۔ آئی جی سندھ جاوید اے اوڈھو نے تقرریوں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ 37

گاڑی پھولوں سے ڈھک گئی۔ جہلم شہر میں خوشی کا عالم، تصاویر سے مزین خیر مقدمی بینرز اور پوسٹر آویزاں کیے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی آمد کا سن کر جہلم کے جی ٹی روڈ اور دیگر بازاروں میں عوام کا بہت بڑا ہجوم امڈ آیا۔ عوام نے گلاب کی پتیاں نچھاور کر کے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا خیر مقدم کیا۔ شاندار چوک میں ہر طرف سر ہی سر نظر آ رہے تھے۔ نوجوان اور بچے خیر مقدمی پوسٹر اٹھائے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی گاڑی کے ساتھ چلتے رہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف عوام کے استقبال کا ہاتھ ہلا کر پرجوش جواب دیتی رہیں۔

بقیہ 38

اے 77 گوجرانوالہ میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار راشد بشیر ورک اور حلقہ پی پی 203 چیچہ وطنی سے اسد حنیف کی کامیابی پر حلقے کے عوام مبارکباد کے مستحق ہیں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ راشد بشیر ورک اور اسد حنیف کی کامیابی مسلم لیگ (ن) کی عوامی اعتماد کا ثبوت ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی کامیابی عوام کے اعتماد اور محبت کا مظہر ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ گوجرانوالہ اور چیچہ وطنی کے عوام نے مسلم لیگ (ن) کے حق میں فیصلہ دے کر خدمت کی سیاست کو سراہا ہے۔ عوام نے ایک بار پھر مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ مسلم لیگ (ن) کی کامیابی عوام کی محبت اور بھرپور اعتماد کا عکاس ہے۔

بقیہ 39

ہواں، بارش اور چند مقامات پر ژالہ باری کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب نے صوبہ بھر کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو الرٹ رہنے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ بارشوں کے باعث سموگ میں کمی اور سردی کی شدت میں اضافہ ہوگا، شہریوں سے التماس ہے کہ خراب موسم کی صورتحال میں احتیاطی تدابیر اختیار کریں، آندھی وطوفان کی صورتحال میں محفوظ مقامات پر رہیں غیر ضروری سفر سے گریز کریں، شہری آسمانی بجلی سے بچاؤ کیلئے محفوظ مقامات پر رہیں۔

بقیہ 40

حبیب کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق شہری خالد حبیب کی تین کنال سات مرلہ ملتان روڈ پر خالی پلاٹ پڑا ہے، 1979ء وفاقی حکومت نے تین کنال سے زائد اراضی پر تعمیر نہ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر رکھا ہے، 2023ء میں ہائیکورٹ نے پلاٹ پر تعمیر کرنے کا حکم دیا تھا۔ عدالتی احکامات کے باوجود تاحال پلاٹ پر تعمیر نہیں کرنے دی جا رہی۔

بقیہ 41

سے آگے بڑھائے گا۔ سیکرٹری صنعت وتجارت محمد عمر مسعود، چیئرمین پیڈمک شہزاد اعظم اور سی او او علی معظم مشترکہ ورکنگ گروپ میں شامل ہوں گے راولپنڈی چیمبر کے پیٹرن ان چیف سہیل الطاف، صدر نوشیروان خلیل خان اور سابق صدر اسد مشہدی بھی مشترکہ ورکنگ گروپ کا حصہ ہوں گے۔ اسلام آباد چیمبر کے صدر محمد ذکریا اکبر خان، سابق صدر خالد جاوید اور چیئرمین ہجویری گروپ توقیر اعوان بھی ورکنگ گروپ میں شامل ہوں گے۔ مشترکہ ورکنگ گروپ کا نوٹیفکیشن جلد کردیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انڈسٹری کی ضرورت اور صنعتکاروں کی ڈیمانڈ پر راولپنڈی رنگ روڈ پر غیر زرعی زمین پر نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنائی جائے گی اور اس انڈسٹریل اسٹیٹ میں صنعتی یونٹس لگنے سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی طرف سے منظور کردہ انڈسٹریل اسٹیٹس کے حوالے سے نئی صنعتی پالیسی کی وفاقی حکومت اور ایس آئی ایف سی نے بھی منظوری دے دی ہے وزیراعلیٰ آسان کاروبار فنانس سکیم صوبے میں صنعتی اور تجارتی سرگرمیوں کے فروغ میں معاون ثابت ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کا پیوٹ پروگرام سرمایہ کاری میں اضافے اور روزگار کے مواقع بڑھانے میں معاون ثابت ہوگا۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ نئی نسل کو آلودگی سے پاک ماحول کی فراہمی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اس لئے انڈسٹری تحفظ ماحولیات کے ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کرے، انڈسٹری ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی تنصیب بھی یقینی بنائے۔ ایوان صنعت وتجارت راولپنڈی کے وفد کے سربراہ سہیل الطاف نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب آسان کاروبار فنانس سکیم اور پیوٹ پروگرام پنجاب حکومت کا مستحسن اقدام ہے انڈسٹریل اسٹیٹس کے حوالے سے پنجاب حکومت کی نئی صنعتی پالیسی بھی شاندار ہے اور اس صنعتی پالیسی پر عملدرآمد سے پنجاب میں صنعتکاری کے عمل میں تیزی آئے گی اور روزگار کے مواقع بڑھیں گے۔ وفد نے پنجاب میں انڈسٹری کے فروغ کیلئے صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین کی کاوشوں کو سراہا وفد میں راولپنڈی چیمبر کے صدر نوشیروان خلیل خان، سابق صدر اسد مشہدی اور دیگر شامل تھے چین کی سرمایہ کار کمپنی کے مسٹر یانگ بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ 42

خدیجہ ڈال نے اظہار خیال کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جہلم میں لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ چیکس بھی تقسیم کیے۔ صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بتایا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی پالیسیوں کا ثمر، سرکاری کالجز میں ساڑھے دس ہزار اور نجی کالجز میں ساڑھے سات ہزار ایڈمیشن ہوئے۔ جہلم کے طلبہ کے لئے 537 ہائی پرفارمنس کور آئی سیون لیپ ٹاپ 13 جنریشن ہارڈ ویئر لیپ ٹاپ اور 109 سکالرشپ کے تحفے دیئے گئے۔ سرکاری یونیورسٹی کے 115 طلبہ اور نرسنگ کالج کی 42 طالبات کو لیپ ٹاپ مل گئے۔ جہلم میں سرکاری کالجز کے 380 بچوں کے لئے لیپ ٹاپ، 329 طالبات اور 51 طالب علم شامل تھے۔ جہلم کے 109 طلبہ کو تقریباً 25 لاکھ روپے کے ہونہار سکالرشپ مل گئے۔ سی ایم ہونہار سکالرشپ سوشل سائنسز، بی ہیور سائنسز، انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ کمپیوٹر سائنس کے طلبہ کو دیا جا رہا ہے۔ آرٹی فیشل انٹیلی جنس اینڈ سائبر سکیورٹی، انجینئرنگ اینڈ ایمرجنگ ٹیکنالوجیز اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے طلبہ کے لئے سی ایم ہونہار سکالرشپ تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 43

بیان میں کہا کہ سیاسی مخالفین کی جانب سے مسلسل الزامات تنقید اور مختلف سازشوں کے باوجود آج تک میاں محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خلاف کرپشن کا کوئی ٹھوس ثبوت سامنے نہیں لایا جاسکا یہ ان کی شفاف طرز حکمرانی اور عوامی خدمت کے عزم کا واضح ثبوت ہے حاجی ملک محمد اسلم بھٹیلا نے مزید کہا کہ چوہدری سالک حسین ایک ایسے معزز سیاسی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جس کی قومی سیاست اور ملکی خدمات قابل قدر رہی ہیں ان کے دادا چوہدری ظہور الٰہی اور والد چوہدری شجاعت حسین کا پاکستان کی سیاست میں کلیدی کردار رہا ہے تاہم اس کے باوجود پنجاب حکومت پر بغیر ٹھوس شواہد کے کرپشن کے الزامات عائد کرنا ان کے شایان شان نہیں انہیں سیاسی معاملات میں ذمہ داری سنجیدگی اور حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے گفتگو کرنی چاہیے انہوں نے کہا کہ چوہدری سالک حسین کو چاہیے کہ وہ اپنے غیر ذمہ دارانہ بیان کو واپس لیں اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے معذرت کر کے سیاسی رواداری اور شائستگی کی مثال قائم کریں

بقیہ 44

کا خدشہ ہے۔ اہل علاقہ کے مطابق ستھرا پنجاب کا عملہ کئی کئی روز صفائی نہیں کرتا اور مبینہ طور پر وقت گزار کر واپس چلا جاتا ہے۔ اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد نعمان صدیق اور اسسٹنٹ کمشنر جڑانوالہ ضیاء اللہ گوندل سے فوری نوٹس لینے، صفائی ٹیم کی کارکردگی چیک کرنے اور گاؤں میں مستقل بنیادوں پر صفائی یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 45

جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور عملے کی حاضری کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور علاج معالجے کے حوالے سے دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم ایس اور ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ادویات کی مفت فراہمی یقینی بنائی جائے اور ہسپتال میں صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا کہنا تھا کہ عوام کو صحت کی معیاری سہولیات فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، اس میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹی ایچ کیو میں ضلع بھر سے لوگ علاج کی غرض سے آتے ہیں، انہیں صحت معالجہ کی معیاری سہولیات فراہم کرنا ہسپتال انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے

بقیہ 46

گئی۔ تقریب میں یونین چیئرمین عبدالغفار، صدر راجہ محمد وقاص، جنرل سیکرٹری چوہدری نیر کمال، جوائنٹ سیکرٹری ملک علی اصغر اور دیگر نے خطاب میں علامہ اقبالؒ کی فکر وفلسفے کو خراج عقیدت پیش کیا۔ مقررین نے کہا کہ علامہ اقبالؒ نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں خودی، خودداری، اتحاد اور آزادی کا شعور بیدار کیا۔ ان کا تصورِ پاکستان مسلمانوں کیلئے ایک آزاد اور خود مختار وطن کے قیام کی بنیاد بنا۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کا فلسفہ خودی، عمل، محنت اور بلند حوصلے کا پیغام آج بھی ہماری قومی زندگی کیلئے مشعل راہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ان کے افکار ونظریات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور نوجوان نسل کو اقبال کے پیغام سے روشناس کروائیں۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علامہ اقبالؒ کے افکار ونظریات کو عام کرنے اور ان کے پیغام کو نئی نسل تک پہنچانے کیلئے ایسی تقریبات کا انعقاد جاری رکھا جائیگا۔

بقیہ 47

کلب کے عہدیداران وممبران، صحافیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے شرکت کی۔ واک میں سرکل انچارج چوہدری قاسم، انسپکٹر طاہرہ کنول انچارج ایجوکیشن ونگ، لیڈی ٹریفک افسران، سیکٹر انچارج چوہدری عابد حسین، انسپکٹر ریحان سیال، انسپکٹر فیضان، صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال، جنرل سیکرٹری ملک اسد اقبال، سینئر نائب صدر راجہ فیصل خان، نائب صدر مرزا رفعت محمود، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری چوہدری کاشف، سابق صدر شہزادہ ارباب، سابق جنرل سیکرٹری راجہ اسد محمود، مرزا ظفر، ہارون جٹ، راجہ ثاقب اور راجہ صابر حسین صدیقی سمیت دیگر صحافیوں اور سول سوسائٹی کے افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر انچارج ایجوکیشن ونگ انسپکٹر طاہرہ کنول نے شرکاء اور شہریوں کو سموگ کی وجوہات اور اس کے مضر اثرات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ گاڑیوں، موٹر سائیکلوں اور رکشوں سے خارج ہونے والا دھواں فضائی آلودگی میں اضافے اور سموگ کی اہم وجوہات میں شامل ہے۔ شہری اپنی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی بروقت ٹیوننگ اور فٹنس یقینی بنائیں، خراب انجن اور ناقص سائلنسر والی گاڑیاں سڑکوں پر لانے سے گریز کریں اور غیر ضروری طور پر انجن چلانے سے اجتناب کریں۔ صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال نے کہا کہ سموگ ایک سنگین ماحولیاتی اور عوامی صحت کا مسئلہ بن چکی ہے، جس کے اثرات بچوں، بزرگوں اور سانس کے امراض میں مبتلا افراد پر زیادہ مرتب ہوتے ہیں۔ اس مسئلے پر قابو پانے کے لیے حکومت، متعلقہ اداروں، میڈیا اور عوام کو مشترکہ ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صحافی برادری عوامی شعور کی بیداری اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے آگاہی پھیلانے کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ ڈرکل انچارج ٹریفک پولیس چوہدری قاسم نے کہا کہ سموگ کی روک تھام کے لیے ٹریفک پولیس اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے

بقیہ 48

کو سکالرشپ یا لیپ ٹاپ ملے۔ ماضی میں لوگ بسوں پر لٹک کر اور چھتوں پر چڑھ کر سفر کرتے تھے، اب ماڈرن اور باعزت سواری الیکٹرو بس کی صورت میں موجود ہے۔ مقبولیت ہو تو پھر نظر بھی آتی ہے، عوام خدمت کو ووٹ دیتے ہیں بیانیہ کو نہیں۔ اب لوگ کہیں گے کہ للہ جہلم روڈ ہمارا منصوبہ ہے، آپ کا منصوبہ ہے تو چار سال کی حکومت میں کیوں نہیں بنایا؟ ان کی باتوں کیلئے زبان چلتی ہے، کام نہیں کرتے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہم کام کرتے ہیں تو تنقید کا نشانہ بھی بننا پڑتا ہے۔ بچے خواب دیکھیں، مریم نواز خواب پورے کرنے کیلئے دن رات ایک کر دے گی۔ لڑکیوں کو کہتی ہوں کہ انہیں آگے بڑھنا ہے، کسی سے نہ سنیں کہ یہ ان کے کرنے کا کام نہیں۔ لیپ ٹاپ کھولنے کی ویڈیو دیکھ کر شکر ادا کرتی ہوں کہ بچوں کے ہاتھ میں ڈنڈے، پتھر اور بم نہیں بلکہ لیپ ٹاپ ہیں۔ ہونہار طلبہ کے والدین کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ یہاں طلبہ کو محنت کا صلہ مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کے خوابوں کی تعبیر مکمل کرنے والے بچے انعام کے مستحق ہیں۔ والدین نہ جانے کتنے خواب طلبہ کے بستے میں رکھ تعلیمی اداروں میں بھیجتے ہیں۔ پنجاب بھر میں طلبہ کو ایک لاکھ سے زائد سکوٹیز دیئے جا رہے ہیں۔ سکوٹیز حاصل کرنے والے طلبہ کو مکمل طور پر تربیت فراہم کی جائے گی۔ صوبہ بھر میں طلبہ کو گرین بسوں میں مفت سفر کی سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پورے پنجاب میں 300 نواز شریف سکول آف ایمینس بن رہے ہیں۔ اٹک شہر میں نجی گرائمر سکول اور سرکاری نواز شریف سکول آف ایمینس ساتھ ساتھ ہیں مگر سرکاری سکول بہت بہتر ہے۔ پنجاب کے علاوہ نواز شریف سکول آف ایمینس جیسے ایک سرکاری سکول کی مثال دکھا دیں۔ اس سے پہلے چھوٹے شہروں میں اتنی ترقی نہیں دیکھی، پہلے کام صرف بڑے شہروں میں ہوتے تھے۔ ہر ایک بچے نے اپنے ملک کا نام روشن کرنا ہے۔ 50 ہزار سکولوں میں پنجاب کے کروڑوں بچے زیر تعلیم ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ تعلیم سب سے بہتر سرمایہ کاری ہے کیونکہ ہر بچہ پاکستان کا علمبردار ہے۔ بچوں کی کامیابی سے نا صرف والدین خوش ہوں گے بلکہ ملک وقوم کو فائدہ ہوگا، دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بچے ترقی کریں گے تو پاکستان آگے بڑھے گا۔ ساہیوال، اٹک اور منڈی بہاؤالدین میں پورا پورا دن گزارا، آج جہلم میں پورا دن گزاروں گی۔ پہلے ایسا ساہیوال، منڈی بہاؤالدین، اٹک اور جہلم کہاں تھا۔ یوتھ کو ماضی میں گمراہ کن باتیں بتائی جاتی تھیں، آج بچوں سمیت سب دیکھ سکتے ہیں۔ ماضی کے تمام کام بڑے شہروں میں ہونے کی روایت توڑ دی ہے۔ جو گرین بس لاہور، راولپنڈی میں چلتی تھی وہی خوشاب، لیہ اور بھکر میں چل رہی ہے کوئی فرق نہیں۔ ہزاروں کلومیٹر میں طویل سڑکیں لاہور میں کم اور دوسرے شہروں میں زیادہ بنی ہیں۔ جہلم کیتھ لیب میں مریضوں کو مفت اسٹنٹ اور پیس میکر وغیرہ ڈال رہے ہیں کبھی سوچا تھا کہ جہلم میں ایسا علاج ہوسکتا ہے۔ 25 چھوٹے اضلاع میں کیتھ لیب شروع ہیں، لاہور میں سب سے بڑا سرکاری کینسر ہسپتال بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دبئی میں کام کرنے والا ڈرائیور اسٹنٹ دلوانے کیلئے بہن کے کہنے پر فیصل آباد سے جہلم آیا۔ کیا ماضی میں بھی بڑے شہروں سے چھوٹے شہر میں علاج کرانے آتے تھے؟ جہلم سے دل کے مریض علاج کیلئے ماضی میں پنڈی اور لاہور جایا کرتے تھے۔ ڈیڑھ دو سال میں ڈھائی لاکھ گھروں کیلئے اپنی چھت، اپنا گھر کے لون دیئے۔ جہلم میں خاتون سے ملکر آئی ہوں، جو پہلے 15 ہزار کرایہ دیتی تھی اب اپنے گھر کی 14 ہزار قسط دیتی ہے۔ ایسے سینکڑوں لوگ ہیں جن کے پاس وسائل نہیں تھے، لیکن چند ماہ میں قرض لیکر گھر بنا لیے۔ ماضی میں کیوں لیپ ٹاپ، سکالرشپ، کیتھ لیب اور ہوم لون نہیں دیئے گئے؟ ماضی میں چھوٹے شہروں سے مسائل کی خبر آتی تھی اب ترقی کی خبریں آ رہی ہیں۔ جہلم میں اتنا خوبصورت بازار بنا ہے شاید ہی کسی بڑے شہر میں ایسا بازار ہو۔ وہ سسٹم بنا دیا ہے جہاں کوئی پرچی، ریفرنس یا اثرورسوخ درکار نہیں صرف میرٹ پر کام ہوتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ مریم نواز کا وعدہ ہے کہ اگر آپ میرٹ پر ہیں تو آپ کی ترقی کو دنیا کی کوئی طاقت نہیں روک سکتی۔ پنجاب میں نوکری کسی امیر آدمی کو سفارش پر نہیں بلکہ میرٹ پر غریب آدمی کو ملتی ہے۔ گارمنٹ شاپ میں سیلز گرل کو مارنے والے کو تھانے میں زنانے دار تھپڑ یاد رہے گا۔ پہلی بار پنجاب حکومت غریب آدمی کے ساتھ کھڑی ہے اور کھڑی رہے گی۔

بقیہ 49

ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیکٹر C-14 میں بجلی کی فراہمی کے انتظامات آخری مراحل میں داخل ہو چکے ہیں اور مرکزی شاہراہوں پر لائٹ پولز کی تنصیب مکمل کرلی گئی ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے انہیں مزید بتایا گیا کہ سیکٹر C-14 کی مرکزی سڑکوں اور گلیوں میں سائن بورڈز نصب کیے جا رہے ہیں۔ اسی طرح لینڈ اسکیپنگ اور ہارٹیکلچر کا کام بھی جاری ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے الاٹیز کو پلاٹس کا قبضہ بلا تاخیر فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سیکٹر C-14 کے باقی ماندہ ترقیاتی کام ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ نئے سیکٹرز کی تعمیر سی ڈی اے انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ نئے سیکٹرز میں ترقیاتی منصوبوں کی مسلسل مانیٹرنگ اور مسائل کا فوری حل یقینی بنایا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے کہا کہ سیکٹرز ڈویلپمنٹ سے دارالحکومت اسلام آباد کے انفراسٹرکچر میں بہتری کیساتھ شہریوں کو بہترین رہائشی سہولیات میسر آئینگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کئی دہائیوں کے بعد سی ڈی اے نے نئے سیکٹرز میں نہ صرف سیکٹر ڈویلپمنٹ کا کام تیز کیا بلکہ الاٹیز کو ڈویلپڈ پلاٹس کا قبضہ دینے کے سلسلے کا بھی آغاز کیا گیا ہے۔

بقیہ 50

کرین متبادل بوائلر لے جاتے ہوئے اچانک گر گئی۔ کرین سے بھاری سامان نیچے موجود بھٹی میں جا گرا جس کے نتیجے میں زوردار دھماکا ہوا اور فیکٹری میں آگ بھڑک اٹھی۔ واقعے کے بعد فیکٹری سے بلند ہوتے شعلوں اور دھوئیں کے بادلوں نے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ عینی شاہدین کے مطابق دھماکا اتنا شدید تھا کہ زمین لرز اٹھی اور ابتدا میں لوگوں کو زلزلے کا گمان ہوا۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے واقعے میں ہلاکتوں کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ حادثے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ وزیر صحت کمال میمیش اوغلو کے مطابق شدید زخمی ہونے والا ایک شخص دوران علاج دم توڑ گیا، جس کے بعد ہلاکتوں کی تعداد 17 ہو گئی۔ ازمیر کے گورنر سلیمان البان نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ بعض افراد اب بھی ملبے تلے دبے ہو سکتے ہیں۔ د

بقیہ 51

اڈے پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان اظہار کو شدید زخمی کردیا جس کو ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا جس کی نعش پوسٹمارٹم کے لئے تحویل میں لیکر پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 52

اہمیت، تحقیق کے دائرہ کار، طریقہ کار اور علمی افادیت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ بعض تحقیقی خاکوں میں بہتری اور نظرثانی کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ اجلاس میں رجسٹرار ڈاکٹر ہمانے ایجنڈا پیش کیا، جبکہ بیرونی ماہرینِ تعلیم میں ڈاکٹر طاہر ندیم، ڈین فیکلٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، HITEC یونیورسٹی؛ ڈاکٹر ادریس، سابق ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز، قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد نے شرکت کی، جبکہ پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد، ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ اینڈ سوشل سائنسز، الکوثر یونیورسٹی نے آن لائن شرکت کی۔ جبکہ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی بسر کمیٹی کے ممبرز نے بھی شرکت کی۔ ماہرین نے پیش کردہ تحقیقی خاکوں کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور ان کے علمی معیار، تحقیقی افادیت اور طریقہ تحقیق کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اپنی آرا اور تجاویز پیش کیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف نے تحقیقی اسکالرز سے مختلف سوالات کیے اور ان کے منتخب کردہ تحقیقی موضوعات سے متعلق فہم، تیاری اور تحقیقی استعداد کا جائزہ لیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحقیق کے معیار اور مستند تحقیقی اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے۔ وائس چانسلر نے ہدایت کی کہ بورڈ میں پیش کیے جانے سے قبل ڈیپارٹمنٹل ریسرچ کمیٹی (DRC) ہر تحقیقی خاکے کے معیار، جامعیت، موضوع کی مناسبت اور تحقیقی پہلوؤں کا مکمل جائزہ یقینی بنائے، تاکہ بورڈ کے سامنے صرف معیاری اور مستند تحقیقی تجاویز پیش کی جائیں۔

بقیہ 53

ذریعہ ہے یا چند سیاسی خاندانوں، گروہوں اور بااثر کرداروں کے مفادات کا تحفظ کرنے کا ایک مسلسل سلسلہ؟ گکھمی کی سیاست کا سب سے تلخ پہلو یہ ہے کہ عام آدمی اپنا قیمتی ووٹ کسی امید، وعدے اور بہتر مستقبل کے خواب کے ساتھ دیتا ہے، لیکن انتخابی موسم گزرنے کے بعد اسی عام آدمی کے مسائل دوبارہ سیاسی ترجیحات کی فہرست میں کہیں پیچھے چلے جاتے ہیں۔ عوامی حلقوں میں یہ شکایت بھی پائی جاتی ہے کہ ووٹر کے اعتماد کو سیاسی قوت بنانے کے بعد اس اعتماد کا عملی جواب ترقیاتی کاموں اور بنیادی سہولیات کی صورت میں سامنے نہیں آتا۔ سوال یہ ہے کہ کیا ووٹ صرف سیاسی قوت حاصل کرنے کا ذریعہ ہے یا اس کے ساتھ عوام کے حقوق اور مسائل کی جواب دہی بھی لازم ہے؟ ووٹ کا سودا صرف پیسوں سے نہیں ہوتا۔ کبھی عوامی اعتماد کو سیاسی مصلحتوں کے تابع کر کے بھی اس کی اصل قدر پامال کر دی جاتی ہے۔ عوام اب یہ جاننا چاہتے ہیں کہ ان کے ووٹ سے حاصل ہونے والی سیاسی حیثیت کا فائدہ آخر کس کو پہنچا؟ مقامی عوامی آراء کے مطابق بعض سیاسی کرداروں کی ماضی کی سیاسی وابستگیاں اور بدلتی جماعتی صف بندیاں اس سوال کو مزید اہم بناتی ہیں کہ ان کے سیاسی سفر میں عوامی تعمیر وترقی کا مستقل ایجنڈا کہاں تھا؟ سیاسی مواقع کے مطابق نئی صف بندی اختیار کرنے اور جماعتی وابستگیاں تبدیل کرنے کا سلسلہ تو دکھائی دیتا ہے، لیکن گکھمی کی اجتماعی ترقی، بنیادی سہولیات اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے کوئی مستقل اور جامع وژن عوام کے سامنے کیوں نہ آ سکا؟ اگر سیاسی جماعتیں تبدیل کرنے کے لیے حالات، مواقع اور مفادات کو بنیاد بنایا جا سکتا ہے تو عوامی خدمت کے لیے مستقل مزاجی اور اجتماعی جدوجہد کیوں اختیار نہیں کی جا سکتی؟ سیاسی وفاداریاں تبدیل کرنے کا جواز اپنی جگہ، مگر عوامی محرومیوں کا جواب کون دے گا؟ ماضی میں ناظم کے دور میں گلیوں کی تعمیر کے حوالے سے کام ضرور ہوا، تاہم اس کے بعد گاؤں کی مجموعی ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایسی جامع پیش رفت عوام کے سامنے نہیں آ سکی جس سے بڑی آبادی کے مسائل میں نمایاں کمی محسوس ہو۔ ایک بڑی آبادی رکھنے والے گاؤں کے لیے پختہ گلیاں، نکاسی آب کا مؤثر نظام، صاف پانی، صحت کی بنیادی سہولیات، معیاری تعلیمی ادارے، بہتر صفائی، اسٹریٹ لائٹس، کھیلوں اور نوجوانوں کے لیے مثبت سرگرمیوں کی جگہیں اور آمدورفت کی بہتر سہولیات بنیادی ضروریات میں شمار ہوتی ہیں۔ مگر عوامی حلقوں کے مطابق گکھمی آج بھی ان میں سے متعدد سہولیات کے لیے منتظر ہے۔ کیا گکھمی کے عوام صرف انتخابی جلسوں، سیاسی نعروں اور وعدوں کے لیے اہم ہیں؟ کیا گاؤں کے مسائل صرف اس وقت یاد آتے ہیں جب ووٹ درکار ہوں؟ کیا کسی سیاسی شخصیت کی جماعت تبدیل ہونے سے گاؤں کی ٹوٹی گلیاں، نکاسی آب کے مسائل، صاف پانی کی ضرورت اور دیگر محرومیاں بھی خود بخود ختم ہو جاتی ہیں؟ یقیناً نہیں! عوام کو سیاسی بیانوں سے زیادہ عملی نتائج درکار ہیں۔ اسی تمام سیاسی منظرنامے میں چوہدری عدنان گروپ کی مسلسل خاموشی بھی عوامی توجہ کا مرکز بن رہی ہے۔ گکھمی کے سیاسی حالات، بدلتی صف بندیوں اور عوامی محرومیوں کے حوالے سے اس گروپ کا واضح مؤقف سامنے نہ آنا کئی سوالات کو جنم دے رہا ہے۔ کیا گروپ موجودہ سیاسی صورت حال کو دیکھنے اور پرکھنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے یا عوامی مسائل کے حوالے سے کوئی واضح حکمت عملی موجود نہیں؟ اگر سیاسی میدان میں اپنا کردار اور عوامی نمائندگی کا دعویٰ برقرار رکھنا ہے تو عوامی مسائل پر خاموشی کے بجائے واضح مؤقف اور عملی تجاویز سامنے لانا بھی ضروری ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ گکھمی کے تمام سیاسی اکابرین اپنی اپنی جماعتی وابستگیوں، سیاسی وفاداریوں اور ذاتی ترجیحات سے ہٹ کر عوام کے سامنے اپنا عملی ریکارڈ رکھیں۔ کس نے کتنے ترقیاتی منصوبے مکمل کروائے؟ کس نے بنیادی سہولیات کے لیے کتنی جدوجہد کی؟ کس نے عوامی مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچائے؟ کس نے گاؤں کے نوجوانوں، طلبہ، مریضوں اور عام شہریوں کے لیے کوئی مستقل منصوبہ پیش کیا؟ اور کس نے صرف سیاسی عہدوں، تعلقات اور جماعتی تبدیلیوں سے اپنے سیاسی سفر کو آگے بڑھایا؟ یہ سوالات کسی ایک گروپ یا شخصیت تک محدود نہیں بلکہ گکھمی کی تمام سیاسی قیادت کے لیے ہیں۔ عوام کو ایک دوسرے پر الزامات لگانے والے سیاسی بیانات نہیں بلکہ قابل تصدیق کارکردگی، واضح ترقیاتی منصوبے اور جواب دہی کا نظام چاہیے۔ گکھمی کے عام شہری کو اب یہ فیصلہ خود کرنا ہوگا کہ اس کے ووٹ، اعتماد اور مستقبل کی اہمیت کیا ہے۔ سیاسی جماعتیں بدلنا کسی کا سیاسی حق ہو سکتا ہے، مگر عوامی نمائندگی اور خدمت کے دعوے کرنے والوں کو اپنی کارکردگی کا جواب بھی دینا ہوگا۔ سیاست اگر صرف ذاتی مفادات، وقتی اتحادوں، سیاسی عہدوں اور جماعتی تبدیلیوں تک محدود ہو جائے تو عام آدمی کے حصے میں محرومیوں کے سوا کیا آئے گا؟ گکھمی کے عوام کو یہ سوال کرنے کا پورا حق ہے کہ جب سیاسی مفادات کے لیے راستے بدلنے میں دیر نہیں لگتی تو عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد کیوں نظر نہیں آتی؟ جب سیاسی مستقبل کے لیے منصوبہ بندی ہو سکتی ہے تو گاؤں کے مستقبل کے لیے کیوں نہیں؟ یاد رکھا جائے، عوام کا ووٹ کسی سیاسی شخصیت کی ذاتی ملکیت نہیں، یہ ایک امانت ہے۔ اس امانت کے بدلے عوام کو وعدوں کی رسیدیں نہیں بلکہ ترقی، سہولیات اور عملی کارکردگی چاہیے۔ گکھمی کو مزید سیاسی تجربہ گاہ بنانے کے بجائے عوامی خدمت، جواب دہی اور تعمیری ترقی کا مرکز بنایا جائے۔

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا سیکٹر E-12 کا دورہ

1135 کنال اراضی واگزار کرانے کے بعد مختلف سب سیکٹرز اور سروس روڈز پر ارتھ ورک اور بیس ورک تیز

چیئرمین سی ڈی اے کی تمام رکاوٹیں دور کر کے باقی ماندہ کام ترجیحی بنیادوں پر جلد مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے سیکٹر E-12 کا دورہ کیا اور سیکٹر E-12 میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کو سیکٹر E-12 میں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ چار دہائیوں سے زیر التواء سیکٹر E-12 میں 1135 کنال سرکاری اراضی واگزار کروانے کے بعد سیکٹر ڈویلپمنٹ پر بھرپور کام جاری ہے اور ابتک 60 فیصد سے زائد ترقیاتی (بقیہ نمبر 1)



چیئرمین سی ڈی اے سیکٹر E-12 میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

سول سروسز اکیڈمی کے زیرِ تربیت افسران کا سی ڈی اے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

ماسٹر پلان، زوننگ ریگولیشنز، لینڈ ریکارڈ کی ڈیجیٹائزیشن اور 200 الیکٹرک میٹرو وفیڈر بسوں کے ماس ٹرانزٹ سسٹم پر تفصیلی بریفنگ

پانی کی کمی پر قابو پانے کے لیے شاہدرہ ڈیم کی تعمیر اور دوتارہ ڈیم کی فزیبلٹی مکمل؛ جائیکا اور ورلڈ بینک کے تعاون سے آبی وسائل کے تحفظ پر کام جاری

اسلام آباد (این ای این) سول سروسز اکیڈمی لاہور کے تحت 54ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے فیکلٹی ممبران و زیر تربیت پروبیشنری افسران نے منگل کے روز سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا۔ کامن ٹریننگ پروگرام (سی ٹی پی) کے افسران کو سی ڈی اے کے اغراض و مقاصد، انتظامی ڈھانچے، فنکشنز و آپریشنز سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر زیر تربیت افسران کو دارالحکومت اسلام آباد (بقیہ نمبر 20)



کراچی: اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ پاکستان ملائیشیا فرینڈشپ ایسوسی ایشن کی پانچویں ایوارڈز کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد سعید، سینئر حکام کے ہمراہ تربیلا پانچویں توسیعی پن بجلی منصوبے کا دورہ کر کے ٹنل میں پیش آنے والے واقعہ کے تناظر میں صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

صدر زرداری کی جمہوریہ پولینڈ کے صدر اور عوام کو قومی یوم آزادی پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمہوریہ پولینڈ کے صدر کارول ناوروکی اور عوام کو ان کے قومی یوم آزادی پر دلی مبارکباد دیتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے صدر کارول ناوروکی کے نام اپنے خط میں پاکستان کی حکومت، عوام اور اپنی جانب سے مبارکباد پیش کی۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور پولینڈ (بقیہ نمبر 21)

امریکی وزیر جنگ کے مواخذے کی قرارداد امریکی ایوان نمائندگان میں پیش

مواخذے کی قراردادیں میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، پیٹ ہیگسیتھ کی جوابی کانفرنس

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ کے مواخذے کی قرارداد امریکی ایوان نمائندگان میں پیش کردی گئی۔ مواخذے کی قرارداد ایوان نمائندگان کے ریپبلکن رکن ٹامس میسی نے پیش کی۔ پیٹ ہیگسیتھ پر ایران سے امریکی جنگ میں نااہلی کا الزام لگایا گیا ہے۔ ٹامس میسی کینٹکی کے علاقے سے ری پبلکن پارٹی کے ٹکٹ پر ایوان (بقیہ نمبر 13)

گوجرخان میونسپل کمیٹی میں یوم اقبال پر پرچم کشائی

پروقار تقریب میں صحافیوں اور بلدیہ، ٹریفک پولیس افسران پیرافورس کی شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) میونسپل کمیٹی گوجرخان میں 9 نومبر یوم اقبال کے تاریخی موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سیدہ زینب حسین کی قیادت میں پروقار پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے دوران اے سی گوجرخان نے قومی پرچم لہرایا اور ملک وقوم کی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے لیے خصوصی اجتماعی دعا کی گئی۔ اس موقع پر بلدیہ انسپکٹرز ڈاکٹر چاند مبین، اجمل وارثی، خواجہ بلال سلیم، ٹریفک وارڈن انسپکٹر عامر، پیرا فورس انسپکٹر، جنرل سیکرٹری (بقیہ نمبر 14)



میونسپل کمیٹی گوجرخان میں 9 نومبر یوم اقبال کے تاریخی موقع پر پرچم کشائی کی جارہی ہے

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، پانچ افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، 05 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 05 افراد کو حراست میں لے کر 20 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، زیرحراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ سٹی، بنی، ٹیکسلا، صدر واہ اور دھمیال کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

منشیات کے خلاف کارروائیاں، 3 منشیات سپلائر گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی منشیات کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 3 منشیات سپلائر گرفتار کر لئے گئے جن کے قبضے سے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق چکلالہ پولیس نے 2 منشیات سپلائرز کو حراست میں لے کر 2 کلو 625 گرام چرس برآمد کی، نصیر آباد پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 410 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کرلیے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔

اوورسیز پاکستانیوں نے اکتوبر کے دوران تقریباً 4 ارب ڈالر کا زرمبادلہ وطن بھیجا

رواں مالی سال جون 2027ء تک 45 ارب ڈالر کی ترسیلات زر موصول ہونے کا تخمینہ ہے

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اکتوبر اور رواں مالی سال کے پہلے 4 ماہ کی ترسیلات زر کے اعداد و شمار جاری کردیئے۔ رپورٹ کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے اکتوبر کے دوران تقریباً 4 ارب ڈالر کا زرمبادلہ وطن بھیجا جبکہ رواں مالی سال کے ابتدائی 4 ماہ میں ترسیلات زر کا مجموعی حجم تقریباً 15 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق اکتوبر میں ترسیلات زر میں ماہانہ بنیاد پر 5.8 فیصد جبکہ سالانہ (بقیہ نمبر 2)

منشیات فروشی سے منع کرنے پر شہری پر تیز دھار آلے سے حملہ

پولیس نے 50 مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ملزم شرافت کو گرفتار کرلیا، زخمی ہسپتال منتقل

لاہور (این این آئی) منشیات فروشی سے منع کرنے پر ایک ملزم نے تیز دھار آلے کے پے در پے وار کر کے شہری کو شدید زخمی کر دیا۔ لاہور کے علاقے کوٹ لکھپت کے قریب گرین کالونی میں منشیات فروشی سے منع کرنے پر ایک ملزم نے تیز دھار آلے کے پے در پے وار کر کے شہری کو شدید زخمی کر دیا اور قتل کرنے کی کوشش کی۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو قینچی کے علاقے سے گرفتار کرلیا ہے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی کے مطابق (بقیہ نمبر 3)

فلوٹنگ ریسٹورنٹ منصوبے کے خلاف درخواست، وکلاء دلائل کے لیے طلب

کینال ہیریٹیج ایکٹ کے تحت نہر پر تعمیرات نہیں ہوسکتیں، درختوں کی کٹائی بھی روکنے کی استدعا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے جلو پارک کے قریب نہر پر فلوٹنگ ریسٹورنٹ منصوبے کے خلاف دائر درخواست پر وکلاء کو دلائل کے لیے طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔ جسٹس عثمان غنی راشد چیمہ نے شہری اعجاز انور کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ کینال ہیریٹیج ایکٹ کے (بقیہ نمبر 22)

واسا مشینری کی خریداری کیلئے 3 ارب 79 کروڑ 65 لاکھ روپے کے فنڈز منظور

سیوریج لائنوں کی صفائی، بارشی پانی کی نکاسی اور فراہمی آب کا نظام جدید بنایا جائے گا

لاہور (این این آئی) پنجاب کابینہ نے واسا کی استعداد کار بڑھانے اور نکاسی آب وفراہمی آب کے نظام کو جدید بنانے کے لیے 3 ارب 79 کروڑ 65 لاکھ روپے کے فنڈز کی منظوری دے دی ہے، منظوری سیکرٹری ہاؤسنگ کی سفارش پر دی گئی۔ منصوبے کے تحت واسا فیز تھری کے لیے جدید مشینری خریدی جائے گی تاکہ سیوریج اور ڈرینج کے نظام کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ فنڈز سے ہائی پریشر جیٹنگ مشینیں خریدی جائیں گی، جن کی مدد سے (بقیہ نمبر 24)

سینکڑوں ملین ڈالرز سے سعودی پاک سرمایہ کاری فنڈ کا قیام

ریاض (این این آئی) سعودی اور پاکستانی سرمایہ کاروں نے پاک سعودی مشترکہ کاروباری کونسل کے ذریعے پرائیویٹ ایکویٹی میں سرمایہ کاری کے لیے ایک فنڈ قائم کیا ہے جس کا ابتدائی حجم سینکڑوں ملین ڈالرز ہے۔ اس قدم کا مقصد دونوں ملکوں کے نجی شعبوں کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینا ہے۔ کونسل نے وضاحت کی کہ فنڈ کی 75 فیصد سرمایہ کاری پاکستان میں منصوبوں کے لیے وقف کی جائے گی۔ 25 فیصد سعودی (بقیہ نمبر 23)

چیئرمین سی ڈی اے کا سیکٹر F-6 مرکز سپر مارکیٹ کا دورہ

خستہ حال فٹ پاتھوں کی مرمت، جدید سٹریٹ لائٹس، ٹف ٹائلز پارکنگ اور شجرکاری جاری؛ کام میں اعلیٰ معیار اور منظور شدہ ڈیزائن پر عملدرآمد کا حکم

صفائی کے لئے شفٹوں میں عملہ اور ڈسٹ بینز کی تنصیب، تمام مراکز کی اپ لفٹنگ سے شہر کی خوبصورتی میں اضافہ ہوگا



چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف سیکٹر F-6 مرکز، سپر مارکیٹ کا دورہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے سیکٹر F-6 مرکز، سپر مارکیٹ کا دورہ کیا۔ سپر مارکیٹ میں جاری اپ لفٹنگ، تزئین و آرائش اور ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ سینئر افسران نے چیئرمین سی ڈی اے کو سیکٹر F-6 مرکز، سپر مارکیٹ میں جاری اپ لفٹنگ، تزئین و آرائش اور ترقیاتی کاموں سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ F-6 مرکز، سپر مارکیٹ میں خستہ حال فٹ پاتھوں کی تعمیر (بقیہ نمبر 25)

گوجرخان چلڈرن ہسپتال میں 10 سالہ بچی دوران علاج دم توڑ گئی

انتظامیہ کا تشویشناک حالت میں لانے اور راولپنڈی ریفر کرنے کا مؤقف

ایس ایچ او کی بار بار کوشش کے باوجود ورثا پوسٹ مارٹم پر رضامند نہ ہوئے، میت لے کر گھر روانہ

گوجرخان (قمر شہزاد) ہاؤسنگ سکیم پڑاؤ میں واقع چلڈرن ہسپتال میں گزشتہ شب 10 سالہ بچی فاطمہ نور کے انتقال پر لواحقین نے مبینہ طبی غفلت کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے ڈاکٹر کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ایس ایچ او گوجرخان چوہدری جمیل پولیس نفری کے ہمراہ ہسپتال پہنچ گئے اور لواحقین کے بیانات قلم بند کیے۔ ورثا نے الزام عائد کیا کہ بچی کو ڈرپ لگانے کے فوراً بعد اس کی حالت اچانک بگڑ گئی، اسے کھانسی اور سانس لینے میں شدید دشواری پیش آئی۔ ڈاکٹر نے سانس بحال کرنے کے لیے سینے پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کی، تاہم بچی جانبر نہ ہوسکی۔ بچی کی نانی رخسانہ شاہین کے مطابق ان کی نواسی، جو محمد شعیب کی بیٹی تھی، گزشتہ تین روز سے پیشاب کی تکلیف میں مبتلا تھی۔ اسے پہلے (بقیہ نمبر 15)

آزاد جموں کشمیر ٹیوٹا کے وفد کا پنجاب ٹیوٹا کا دورہ

وفد کو ٹیوٹا پنجاب پر تفصیلی بریفنگ مختلف اداروں کا دورہ بھی کیا

لاہور (این این آئی) آزاد جموں کشمیر ٹیوٹا کے وفد نے ٹیوٹا پنجاب سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت چیئرمین ٹیوٹا اور سیکرٹری آزاد جموں کشمیر عامر محمود نے کی جبکہ دیگر افسران میں ڈائریکٹر آپریشنز انعم آصف عباسی انچارج ٹی ٹی بی بینش رحمان اور اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 26)

ایران کے خلاف جنگ نے نقصان پہنچایا، ٹرمپ کا اعتراف

انقرہ (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعتراف کیا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ نے ہمیں نقصان پہنچایا۔ اسرائیل مخالف جذبات اور سخت امیگریشن پالیسی بھی وسط مدتی انتخابات میں شکست کی وجہ بنی، ایک انٹرویو میں امریکی صدر نے جنگ مزید نہ بڑھانے کا اشارہ بھی دے دیا۔ ساتھ ہی ٹرمپ نے تہران پر حملوں کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ایران کو ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے سے روکا، تاریخی طور پر یہ درست فیصلہ ہوگا۔

ڈی جی این سی سی آئی اے کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

عوامی شکایات کے ازالے اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت آپریشنز، سی ایم یو، ہیلپ لائن اور کوآرڈینیشن اسٹاف کا اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں متعلقہ شعبہ جات کی مجموعی کارکردگی، روزمرہ امور، باہمی رابطہ کاری، عوامی شکایات کے مؤثر ازالے اور سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنانے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت (بقیہ نمبر 16)

غوث پور ہائر سیکنڈری اسکول میں 5 سینئر اساتذہ کے اعزاز میں شاندار الوداعی تقریب

ریٹائر ہونے والے اساتذہ استاد اسحاق ادرای، عبدالفتاح چاچڑ، غلام شبیر سومرو، عزیز اللہ مہر اور شاہنواز جعفری کی طویل تعلیمی خدمات کا اعتراف

اساتذہ قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں، انہوں نے اپنی زندگی نئی نسل کی تعلیم و تربیت کے لیے وقف کی، ڈائریکٹر پرائمری ایجوکیشن لاڑکانہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) غوث پور کے ہائر سیکنڈری اسکول کی انتظامیہ کی جانب سے حال ہی میں ریٹائر ہونے والے پانچ سینئر اساتذہ کے اعزاز میں ایک پروقار اور شاندار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں محکمہ تعلیم کے افسران تعلیمی شخصیات سول سوسائٹی کے نمائندوں صحافیوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب میں ریٹائر ہونے والے اساتذہ کی طویل تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 4)



لاہور: پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ پیپلز سیکرٹریٹ ماڈل ٹاؤن میں دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں



کراچی: گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی گورنر ہاؤس میں پی آئی ایل ایل کی اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت نشست میں ڈاکٹر راڈ ٹیلر کو شیلڈ دے رہے ہیں۔ (فوٹو این آئی آئی)

لاہور کی زہریلی فضا شہریوں کی زندگیوں کیلئے خطرہ بن چکی ہے، فیصل میر

حکومت سموگ کے خاتمہ کیلئے محض اعلانات کے بجائے عملی اقدامات کرے، مجید غوری

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے صدر فیصل میر اور مجید غوری نے میڈیا کے سوالوں کے جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ لاہور میں خطرناک حد تک بڑھتی ہوئی اسموگ اور فضائی آلودگی شہریوں کی صحت اور زندگیوں کے لیے سنگین خطرہ بن چکی ہے، افسوسناک امر ہے کہ ہر سال سردیوں کے آغاز کے ساتھ ہی لاہور کے شہری زہریلی فضا میں سانس لینے پر مجبور ہوجاتے ہیں، لیکن اس مسئلے کا مستقل حل آج بھی ایک سوالیہ نشان ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 27)



لاہور: ایک شخص ریڑھی پر دیسی انڈے فروخت کر رہا ہے، موسم سرما کی شدت بڑھتے ہی انڈوں کی طلب میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے

کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی کی زیر صدارت ہیڈ آفس میں اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) کمشنر پنجاب سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل کی زیر صدارت ہیڈ آفس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب بھر کے سوشل سکیورٹی ڈائریکٹوریٹس کی کارکردگی، ریکوری اہداف اور ورکرز کی رجسٹریشن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران کمشنر ذوالفقار علی کھرل کو سوشل سکیورٹی کنٹری بیوشن اور ورکرز ویلفیئر فنڈز کی ریکوری سے متعلق پیش رفت پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں زیادہ سے زیادہ محنت کشوں کو سوشل سکیورٹی (بقیہ نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی زیرِ صدارت صاف پانی اتھارٹی کا اجلاس

واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی اور نئے منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ، منصوبوں کی جلد تکمیل اور صاف پانی کی فراہمی تیز کرنے کی ہدایت

تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہفتے تک رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت؛ فعال پلانٹس کی باقاعدہ مانیٹرنگ، پانی کے معیار کی جانچ اور شکایات کے ازالے پر زور

راولپنڈی (این ای این) پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے جاری منصوبوں، واٹر فلٹریشن پلانٹس کی بحالی اور شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے حوالے سے اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید عالم، اسسٹنٹ کمشنرز، ایم ڈی واسا اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 5)

ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے کی زیرِ صدارت ایڈیشنل ڈائریکٹرز کا اجلاس

ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری آپریشنل امور اور سائبر کرائم کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت ملک بھر کے ایڈیشنل ڈائریکٹرز کا اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں ادارے کی مجموعی کارکردگی، جاری آپریشنل امور، انتظامی معاملات اور سائبر کرائم کے خلاف کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 17)



لاہور: چھرہ منڈی کے علاقے میں ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور کی شجرکاری مہم کے دوران ہارٹیکلچر زون II کی ٹیم درخت لگانے میں مصروف ہے

2 موٹر سائیکلوں پر سوار 4 ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ نصیر آباد کے علاقہ میں 2 موٹر سائیکلوں پر سوار 4 ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی، جوابی فائرنگ کے دوران ایک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نصیر آباد کے علاقہ میں 2 موٹر سائیکلوں پر سوار 4 ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے (بقیہ نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کا رات گئے ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال کا دورہ

ڈاکٹرز مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے باقاعدگی سے وارڈز کا دورہ کریں

اوکاڑہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے صحت کی سہولیات کا جائزہ لینے کے لیے رات گئے ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شعبہ ایمرجنسی، میڈیکل وارڈ اور دیگر شعبہ جات میں مریضوں کی عیادت کی اور ان سے خیریت دریافت کرنے کے علاوہ ہسپتال انتظامیہ اور ڈاکٹرز سے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں استفسار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کو (بقیہ نمبر 6)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار کرلیا گیا جن کے قبضے سے 5 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار کرلیا، زیرحراست افراد سے 5 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد ہوئے، کہوٹہ پولیس نے ٹیکنیکل وہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے ملزمان کو ٹریس کر کے (بقیہ نمبر 10)

بجلی بلوں اور ڈیمانڈ نوٹس کی ادائیگی کیلئے کیو آر کوڈ کی سہولت متعارف

بجلی صارفین کو آسان، محفوظ اور تیز رفتار خدمات فراہم کرنا فیسکو کی اولین ترجیح ہے

سرگودھا (این این آئی) فیسکو نے سرگودھا سمیت زون کے دیگر اضلاع میں بجلی واجبات کی فوری اور بروقت ادائیگیوں کو یقینی بنانے کے لیے ماہانہ بجلی بلوں اور ڈیمانڈ نوٹس پر کیو آر کوڈ کی سہولت متعارف کروا دی ہے۔ فیسکو حکام کے مطابق بجلی صارفین اپنی بینکنگ ایپ یا موبائل والٹ کے ذریعے کیو آر کوڈ اسکین کر کے واجبات کی ادائیگی کر سکتے ہیں، جبکہ ماہانہ بلوں اور نئے کنکشن و میٹر کے ڈیمانڈ نوٹس کی ادائیگی کی سہولت چوبیس گھنٹے اور (بقیہ نمبر 8)

پی ایچ اے کا ایکشن، 160 نئے درخت لگا دیئے گئے

نامعلوم افراد کی جانب سے کاٹے گئے 14 درختوں کی جگہ نئے درخت لگا دیے گئے

لاہور (این این آئی) ہارٹیکلچر ایجنسی لاہور نے چھرہ منڈی کے علاقے میں شجرکاری مہم کے تحت نامعلوم افراد کی جانب سے کاٹے گئے 14 درختوں کی جگہ 160 نئے درخت لگا دیے۔ شجرکاری میں ہارٹیکلچر زون II کی ٹیم نے بھرپور حصہ لیا۔ چھرہ منڈی کے علاقے میں درخت کاٹنے کے واقعہ پر نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ بھی درج کرا دیا (بقیہ نمبر 9)

گرجا روڈ، دھمیال روڈ پر مہنگائی کا راج، پرائس کنٹرول کا نظام غیر فعال ہونے کی شکایات

سبزی، پھل، گوشت، مرغی اور دودھ سمیت اشیائے ضروریہ من مانے نرخوں پر فروخت، شہری پرائس لسٹوں کو محض کاغذی کارروائی قرار دینے لگے

پرائس مجسٹریٹس اور پیرافورس کی کارروائیاں دکھائی نہ دینے سے منافع خوروں کو کھلی چھوٹ ملنے لگی، فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گرجا روڈ، دھمیال روڈ اور گردونواح میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں پر کنٹرول کا نظام غیر مؤثر ہونے کی شکایات سامنے آنے لگی ہیں، جہاں شہریوں کے مطابق پرائس مجسٹریٹس اور پیرافورس کی جانب سے مؤثر کارروائیاں دکھائی نہ دینے کے باعث دکاندار مبینہ طور پر من مانے نرخ وصول کر رہے ہیں اور عوام مہنگے داموں اشیائے ضروریہ خریدنے پر مجبور ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سبزی، پھل، گوشت، مرغی، دالیں، چاول، مصالحہ جات، دودھ اور (بقیہ نمبر 29)

ماحولیاتی تحفظ کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو کردار ادا کرنا ہوگا، ڈپٹی کمشنر

طالبات میں انسدادِ سموگ، ڈینگی اور صفائی سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول اردو افغانہ میں منعقدہ آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صحت مند اور صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنے کے لیے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ سیمینار میں طالبات کو انسدادِ سموگ، انسدادِ ڈینگی اور ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے طالبات سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہیں صفائی ستھرائی اپنانے، احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور اپنے گھروں اور گردوپیش کے ماحول کو صاف رکھنے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی تحفظ اور بیماریوں سے بچاؤ کے لیے طلبہ و طالبات میں شعور (بقیہ نمبر 30)

فراڈ شدہ رقم برآمد کر کے متاثرہ خاتون کے حوالے

شکایت کنندہ کو 800,000 روپے واپس دلوا دیے گئے

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی نے کہا ہے کہ این سی سی آئی اے شہریوں کے مالی تحفظ، فراڈ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی اور متاثرین کو ان کی رقم واپس دلوانے کے لیے پرعزم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی مشکوک کال، پیغام یا لنک پر اعتماد نہ کریں اور اپنے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات کسی سے شیئر نہ کریں۔ تفصیلات کے مطابق، شکایت کنندہ عظمیٰ شاہین نے این سی سی آئی اے راولپنڈی کو شکایت درج کروائی تھی کہ اسے فراڈ کے ذریعے 11,30,000 روپے کا نقصان پہنچایا گیا ہے، شکایت (بقیہ نمبر 18)

بلیک میلنگ میں ملوث ملزم کے خلاف کارروائی، ملزم گرفتار

قابل اعتراض ویڈیوز کے ذریعے بلیک میل کر کے رقم بٹورنے کا انکشاف

راولپنڈی (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی لاہور نے بلیک میلنگ میں ملوث ملزم کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم کی شناخت عمران حسین کے نام سے ہوئی ہے، شکایت کنندہ کے مطابق ملزم عمران حسین اسے رقم کا مطالبہ کر کے بلیک میل کر رہا تھا۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی لاہور نے بلیک میلنگ میں ملوث ملزم کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کر (بقیہ نمبر 19)

ڈی پی او چکوال کا چوآسیدن شاہ سرکل کا تفصیلی دورہ

ایس ڈی پی او آفس، تھانہ چوآسیدن شاہ اور پولیس چوکی بشارت کا معائنہ، پولیس دفاتر اور تھانے کے انتظامی امور کا جائزہ

کرائم میٹنگ میں زیرِ التواء مقدمات اور تفتیشی افسران کی کارکردگی کا جائزہ، سائلین کے مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت

فوری انصاف کی فراہمی، شہریوں کے مسائل کے بروقت حل اور پولیس کے رویوں میں مثبت تبدیلی کو اولین ترجیح قرار دے دیا

چکوال (خاور شہزاد) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال نے چوآسیدن شاہ سرکل کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے پولیس کے انتظامی و تفتیشی امور کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈی پی او نے ایس ڈی پی او آفس چوآسیدن شاہ میں دفتری ریکارڈ اور انتظامی معاملات کا معائنہ کیا، جبکہ دفتر آنے والے سائلین سے براہِ راست ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے اور فوری ازالے کے احکامات جاری کیے۔ بعدازاں تھانہ چوآسیدن شاہ پہنچ کر کرائم میٹنگ کی صدارت کی، جس میں زیرِ التواء مقدمات، تفتیشی افسران کی کارکردگی اور تفتیشی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے تھانے کے ریکارڈ، حوالات، فرنٹ ڈیسک اور دیگر انتظامی شعبوں کا معائنہ بھی کیا۔ دورے کے آخری مرحلے میں پولیس (بقیہ نمبر 11)

توہین عدالت کی درخواست پر سیکرٹری دفاع ذاتی حیثیت میں طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی احکامات کے باوجود تین کنال سے زائد اراضی پر تعمیرات نہ کرنے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر سیکرٹری دفاع کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے شہری خالد حبیب کی درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق شہری خالد حبیب کی تین (بقیہ نمبر 12)



ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال چوآسیدن شاہ سرکل میں میٹنگ کر رہے ہیں

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp 0309-7900035
E-Commerce Website Price: 6000/-